Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri



دشتِ امکاں

(شعری مجموعہ)

شیخ گلزار

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

دشتِ امکاں

(شعری مجموعہ)

اندھیرا ہی اندھیرا ہے کہ گھر میں
کہیں روشن رُخِ زیبا نہیں ہے

شیخ گلزار

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ:

کتاب کانام:	دشتِ اِمکاں (شعری مجموعہ)
مصنف :	شیخ گلزار
سکونت :	سامبورہ، (پانپورہ)، پلوامہ
سن اشاعت :	جنوری ۲۰۲۵/ء
صفحات :	۱۹۲
تعداد :	۵۰۰
کمپیوٹرکتابت :	میر پرویز 9469155007,9697476370
اہتمام :	ڈاکٹر گلزار احمد وانی
پرنٹنگ :	پرواز کمپیوٹرس اینڈ پرنٹرس، ترال/ پلوامہ
قیمت :	300/روپے

○■○

Dasht-e-Imkaan

by

SHEIKH GULZAR

9622429057

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

انتساب

اپنے والدین
اور اپنی اہلیہ
''زیبا'' کے نام

❖❖❖

اندھیرا ہی اندھیرا ہے کہ گھر میں
کہیں روشن رُخِ زیبا نہیں ہے

❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

فہرست

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
00	پیش لفظ / ڈاکٹر گلزار احمد وانی	09
01	اپنی بات	13
02	نعت	16
03	معرکۂ کربلا	18
04	یومِ عاشورہ	20
05	کہاں یہ تم بھی آخر جا رہے ہو	22
06	ایک دن تم بھی بھول جاؤ گے	24
07	کوئی قصہ نہ داستاں کوئی	26
08	کہیں دیوار و در دِکھتا نہیں ہے	28
09	کچھ کہا اور نہ کچھ سنا اُس نے	30
10	جب کسی کا کوئی نہیں ہوتا	32
11	یہ کیسے لوگ ہیں کیسا نگر ہے	34
12	اور کب تک یوں مسکراؤ گے	36
13	دل کو سمجھا نہیں سکا کوئی	38
14	اس طرح سے وہ ہمارے ہو گئے	40

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

15	چلو آج ہم بھی کسی کے ہوئے	42
16	بہت دیر تک دیکھتے رہ گئے	44
17	جیوں میں اور کب تک یوں تیرے بِن	46
18	تیرے آگے تو میں کچھ بھی نہیں ہوں	48
19	زندگی کس کے ہاتھ آئی ہے	50
20	زندگی خود بھی اِک تماشا ہے	52
21	ان دنوں وہ بھی ہے خفا مجھ سے	54
22	جس دن سے مغرور ہوئے ہیں	56
23	شعر میرے بھی خوش نما ہوتے	58
24	کہاں تک یوں ہی آزماؤ گے تم	60
25	ہمیں اور کیا کیا وہ سمجھا گئے	62
26	تماشا کہاں تک بھلا دیکھتے	64
27	لوگ بھی مجھ پہ مہرباں ہوں گے	66
28	کاش مجھ سے بھی بات کرلیتا	68
29	نہیں، پھر مجھ پہ بھی الزام ہوگا	70
30	یہاں کے لوگ ہیں گونگے جنم سے	72
31	آرزوئیں ہیں بہت پر کیا کروں	74
32	جہاں دیکھو وہاں پہ بستیاں ہیں	76
33	کوئی تم سا کہیں دیکھا نہیں ہے	78

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

34	کون کس کا خیال کرتا ہے	80
35	مجھے تم سے نہیں خود سے گلہ ہے	82
36	کس طرح مجھ کو بھول پاؤ گے	84
37	مجھ پہ وہ مہربان ہے پیارے	86
38	بہت پچھتاوا ہے اپنے کیئے پر	88
39	تم یہ کیا مجھ کو سمجھانے لگے ہو	90
40	تم بھی کیا یہ سوچتے ہو میری حالت دیکھ کر	92
41	کیا شہر ہے کیسے ہیں بھلا لوگ یہاں کے	94
42	کس کو کس کی یہاں پہ چاہت ہے	96
43	یہاں پر کب کسی کو کیا ملا ہے	99
44	کسی سے نا سہی مجھ سے ملا کر	101
45	کاش مجھ کو بھی چاہتا کوئی	103
46	کس نے کس کو یہاں پہ چاہا ہے	105
47	اس طرح مجھ سے روٹھ کر جانا	107
48	کھو گئے ہو کہاں اِدھر دیکھو	109
49	خوشی کی بات ہے کہ مجھ کو دیکھنا چاہا	111
50	مت بھول کہ سر پہ تیرے اک آسماں بھی ہے	113
51	میرے اللہ یہ کیسی زندگی ہے	115
52	اس طرح خود سے بے خبر ہونا	117

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

53	اس طرح مجھ کو دُور سے دیکھا نہ کیجئے	119
54	زندگی تجھ سے کیا کہے کوئی	121
55	کیا کہوں میں کہ کیا کہا اُس نے	123
56	وہ اپنا ہے کہ کوئی اجنبی ہے	125
57	تم نہیں ہو تو زندگی کیا ہے	127
58	کیا مجھ پہ گزرتی ہے فقط جانتا ہوں میں	128
59	نہ اُلفت ہی کسی سے ہے نہ دوستانہ ہے	130
60	جہاں تک ہو سکے سہتے رہیں گے	132
61	جو کچھ بھی میں نے آج تک چاہا ملا نہیں	134
62	کیوں نہ خود ہی میں دیکھ کر آؤں	136
63	میں بے بس ہوں مگر اتنا نہیں ہوں	138
64	تمہیں اب بھی بہت میں چاہتا ہوں	140
65	کوئی کیا ہر کوئی مجھ سے خفا ہے	142
66	کسی سے نا سہی مجھ سے وفا کر	144
67	کسی کو بھی نہ یوں مجبور کر دے	146
68	کہوں کیا میں کہ میں شرمارہا ہوں	148
69	ہمیں اپنی نہ دُنیا کی خبر ہے	150
70	کس کو کس کی یہاں پہ پروا ہے	152
71	بہت مشکل بھی ہے آسان بھی ہے	154

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

72	سوچتا ہوں کہ تیری اُلفت میں	156
73	مجھے معلوم ہے کیا، ہے بھلا کیا	158
74	اب مگر کون مجھ کو چاہے گا	160
75	کوئی میری سمجھتا ہی نہیں ہے	162
76	زندگی خود بھی اِک قیامت ہے	164
77	اب یہ دِل بھی کہیں نہیں لگتا	166
78	آج کے بعد کچھ نہ چاہوں گا	168
79	یہ جھوٹ ہے کہ وہ بھی مجھے جانتا نہیں	170
80	اسی اک بات پہ تم پر فدا ہوں	172
81	مجھ سے کچھ بھی نہ پوچھیئے اے دوست	174
82	زندگی کی اُداس راہوں میں	176
83	جو کچھ بھی آج تک کیا سوچ کر کیا	178
84	مجھے تم ڈھونڈ لاؤ گے کہاں سے	180
85	یہاں ایک میں ہی نہیں دوستو	182
86	تمہیں شاید کہیں دھوکا ہوا ہے	184
87	اس طرح مجھ کو چھوڑ کر جانا	186
88	تم یہ مجھ کو سمجھانے لگے ہو	188
89	جہاں بھی رہو خوش رہو دوستو	190

❖❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

پیش لفظ

شیخ گلزار روایت پسند شاعر ہونے کے باوجود شعروادب کی نئی آب و ہوا کے ماحول سے تاثر قائم کرنے میں کامیاب ہوئے ہیں۔ ان کے شعری گلدستوں میں گل و بلبل، شمع و پروانہ، اور حسن و عشق جیسے موضوعات آج بھی زندہ و تابندہ ہیں اور وہ بھی نئے احساس پیراہن میں۔ آپ کا مطالعہ نہایت ہی وسیع و عمیق ہے۔ جس میں ایک باحس و باذوق تخلیق کا پرتو نظر آرہا ہے اور شاید اسی بنیاد پر ان کے شعری جزیروں میں ایک نئی شگفتگی اور تازگی کا احساس جابجا ملتا ہے۔ جس میں ان کا اپنا منفرد لب ولہجہ ہے اور جس میں تسلسل اور روانی بخوب دیکھی جاسکتی ہے۔ اگرچہ ان کے یہاں زندگی کی ناہمواریوں، ناکامیوں اور پائمالیوں پر بھی کئی اشعار جلوہ نما ہیں پر ساتھ میں وہاں بھی ایک مقدار و تناسب دیکھنے کے لائق ہے۔ ان کے یہاں ہلکے پھلکے الفاظ میں تجربات و احساسات کی تازہ کاری کے نمونے بدرجہ اتم پائے جاتے ہیں اور اس تجسیم کاری میں وہ کہیں پر بھی یاس و حرماں کی وادیوں میں بھٹکنے کی بجائے احساسات کی دروں بینی سے مملو دکھائی دیتے ہیں۔ ان کے یہاں اشعار میں ان کے عہد کی مسطح غیر کاری، قدروں کی پائمالی، معاشرے کی زبوں حالی اور تعمیری

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

جذبوں سے عاری عصری حسیت دیکھی جا سکتی ہے۔ جس سے ان کے یہاں سماجی نابرابری اور معاشرتی خلفشار کا غم واندوہ ان کے دل میں برابر کھٹکتا رہا ہے۔ تبھی جذبات کی بٹھی میں پگھل کر ایسی شعری صورت حال وقوع پذیر ہو جاتی ہے۔ بقول ڈاکٹر سر محمد اقبالؔ:

شاعر دلنواز بھی بات گر کہے کھری
ہوتی ہے اس کے فیض سے مزرع زندگی ہری

شیخ گلزارؔ کے یہاں قوت تخیل کی بلند پروازیاں دور دور تک بخوب دیکھی جا سکتی ہیں کیونکہ اگر شعری ونثری تخلیق میں قوت تخیل اور مشاہداتی عمل کا دخل نہ ہو تو شاید ہی ایک تخلیق کار کامیاب ہو سکتا ہے۔ بقول کولرج:

"قوت تخیل میرے نزدیک یا تو بُنیادی (Primary) ہوتا ہے یا ثانوی، بنیادی تخیل کو میں تمام انسانی ادراک اور زندہ قوت کا محرک سمجھتا ہوں اور نفس محدود میں دائمی تخلیقی عمل کے لامحدود "مین ہوں" کی تکرار کی حیثیت رکھتا ہے۔ ثانوی تکیل کو اس کی صدائے بازگشت سمجھتا ہوں جو شعری ادارے کے موجود ہوتا ہے"

ارسطو سے ایلیٹ تک ص نمبر ۷۹ ۳ ایڈیشن ۲۰۰۴ء

شیخ گلزار کے یہاں ان کی غزل میں موضوعی دروبست اپنی تمام تر تابناکیوں سمیت پائی جاتی ہے۔ اس میں ان موضوعات کی لڑی میں گھر کے حوالے سے۔ بہت سے اشعار ایسے ملتے ہیں جنہیں پڑھ کر کوئی بھی قاری داد دئے بنا نہیں رہ سکتا ہے۔ جیسے یہ شعر۔

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

جہاں تیری سکونت ہے وہیں پر
بنا دیوار و در کے میرا گھر ہے

ان کے یہاں زمانے کی ستم ظریفی، تنگ اور ناہموار زیست کی راہیں ایک قاری کو بس یہی سوچنے پر مائل اور قائل کر سکتے ہیں کہ زندگی کی میزان گھمنڈ، نخوت، اور قدروں کی تنزلی سے کبھی بھی متوازن نہیں رہ سکتی ہے۔ وہ بس محبت، پاک جذبہ واحساس اور عشق کی حرمت میں ہی پنہاں ہے۔ اب اگر اس میں کسی قسم کی ذرا بھی خامی پائی گئی تو زندگی مقصد کی پگڈنڈی سے اُتر کر خسارے کی کھائی میں گر سکتی ہے۔ اسی لیے کہہ سکتے ہیں کہ ان کے یہاں شعری پیکروں میں روحِ عصر کا وجود بالکل موجود ہے۔ چند ایک مثالیں:

میرے لب پہ ہنسی تو ہے مگر دل
اگر دیکھیں لہو سے تر بہ تر ہے

میرے اللہ میری اس زندگی میں
کسی کا ہی سہی پر ساتھ بھی ہے

زندگی خود بھی اک قیامت ہے
کون ہے جو یہاں سلامت ہے

ہمیں لگتا ہے اب اس زندگی کا
بہت مُشکل یہ آگے کا سفر ہے

پچھلی کئی دہائیوں سے سماجی ومعاشرتی اُتھل پتھل کو جس احتیاط اور سلیقے سے ان کے یہاں دیکھنے کو مِل رہی ہے اس کی مثال کہیں اور بہت کم

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

ملتی ہے۔ زندگی کے حوالے سے جتنے بھی تجربات ومشاہدات ان اشعار میں ملتے ہیں وہاں یہ شعری کردار زندگی سے کنارہ کشی اختیار کئے ہوئے نہیں ہے بلکہ زندگی سے بے پناہ محبت اور مصمم وقوی ارادوں کے ساتھ جینے کا اور بھی خواہاں ہے۔ ان کے ارادوں کی جھلک پیہم طور پر متنوع شعری وسیلوں اور زاویوں سے بہرہ ور ہے جو انہیں مشکل حالات میں جینے کی باس اور اس کے تئیں حوصلہ فراہم کرتا ہے۔ شیخ گلزار کے یہاں ہجر ووصال اپنی بھرپور معنویت میں موجود ہے۔ اس کی مٹھاس اور شیرینی کو انہوں نے اس قدر اپنے اندر سرایت کی ہے کہ جس کی لذت و چاشنی اور بھی زیادہ بڑھ گئی ہے۔ محبوب کی ہر ادا سے ان کے انتظار کی گھڑیاں مہک رہی ہیں اور جس کی آنچ اور تپش سے ان کی تنہائیوں کے کوُ بہ کو مہکے ہوئے ہیں۔ سرمئی شام کی سرمستیاں، زلفوں کے بہتے آبشار، ہنستے ہوئے فوارے، آنکھوں میں بسے ہوئے دجلہ وفرات کی منظرکشی اور گُل اندام کے جیسے پیکرِ گُل کے ناز ونعم وہیں پر شاعر تخلیقی صلاحیتوں سے مالامال بھی ہیں۔ کسی بھی تجربے یا مشاہدے کو بہت ہی باریک بینی کے ساتھ نہایت عام اور سادہ لفظوں میں اتارنے کا فن انہیں بخوب آتا ہے۔ میں انہیں اس مجموعے کے منظر عام پر لانے کے لیے مبارکباد اور ان کے جذبے کو سلام پیش کرتا ہوں۔

۲۳/ دسمبر ۲۰۲۴ء
ٹینگہ پونہ پلوامہ

ڈاکٹر گلزار احمد وانی
صدر سوچھ کرال سوسائٹی
برائے فروغ زبان وادب جموں وکشمیر

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

اپنی بات

میرا ساتواں شعری مجموعہ ہے۔ پچھلے مجموعوں کی خاطر خواہ پذیرائی ملنے کے بعد جو حوصلہ مجھے مِلا ہے۔ اسکے لئے میں اپنے قارئین اور دوستوں کا شُکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے مجھے ہمیشہ اپنے حوصلوں سے نوازا، جس سے مجھے آگے بڑھنے کا حوصلہ آیا ہے۔ زندگی پُرسکون طور سے گزرتی تو شاعری شاید ہی معرضِ وجود میں آجاتی۔ جب زندگی میں آسودہ حالی کسی طور پر نہ ہو تو ایک تخلیق کار کے سوچنے کے دائرے محدود سے لامحدود ہو جایا کرتے ہیں، تب جا کر انسان فکر و ادراک کے آئینے میں جا کر تخلیقیت کا جامعہ اوڑھ لیتا ہے۔ ایک تخلیق کار کے لئے مشاہدے و تجربے خلق کرنے کے پھر سو بہانے بہم ہو جاتے ہیں، پھر اپنے منفرد اسلوب اور طرز نگارش سے اُن خیالات و احساسات، مشاہدات و تجربات کو شعری سانچے میں ڈھال کر کوئی بھی تخلیق اس کے قلم سے یوں پھوٹتی ہے جیسے تنے سے شگوفے، اور پھر تکنیکی سیرابی دے کر اس کی نشو و نما کر پاتے ہیں۔ ایک تخلیق کار کا معاشرے کی بھیڑ میں بھی تنہائیاں میّسر آجاتی ہیں، جس کے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

چلتے اُس کے لیے وہ مواقع دستیاب رہتے ہیں جسے وہ کسی بھی قیمت پر کھونا نہیں چاہتا ہے۔ یہاں قدم قدم پرنا آسودہ حالی کا پہرا بٹھا ہوا ہے۔اور انسان اس فکری اور محسوساتی دلدل میں پوری طرح پھنس چکا ہے۔اس طرح ایک تخلیق کار کے لئے تخلیق کرنے کے کئی بہانے بہم ہو جاتے ہیں۔ایک تخلیق کار کے سوچنے کے مختلف ومتنوع زاویے ہوتے ہیں اور ان کے واسطے ہی سے بقیہ لوگوں تک وہ فکر جا پہنچتی ہے اور جب یہ فکر اپنے منفرد اسلوب کو قارئین تک جا پہنچتی ہے تو بات کی قدر و منزلت پیدا ہوئی ہے۔میں بھی زندگی کے متنوع رنگوں اور دھنگوں میں سوچ کے کئی پردے اٹھا کر اپنی فنی سنجیدگیوں سے آپ تمام قارئین تک اپنے خیالات پہنچانے کی سعی میں ہوتا ہوں اور اس کے ردعمل میں آپ تک اپنے خیالات کی ترسیل کرتا ہوں۔

میں سب سے پہلے اللہ تعالیٰ کا شُکر کرتا ہوں، جس نے مجھے صحت و تندرستی عطا کر کے لکھنے کے قابل بنایا ہے۔بڑی ناسپاسی ہوگی اگر میں اپنے دوستوں اور محبوں کا نام یہاں پر نہ لوں جنہوں نے مجھے ہمیشہ اپنے حوصلوں سے میری ہمت جگا دی اور بڑھا دی ہے۔اُن میں جناب ڈاکٹر گلزار احمد وانی صاحب کا شکرگذار ہوں جنہوں نے اس شعری مجموعے کے لیے ”پیش لفظ“ لکھ کر اپنے ذریں خیالات سے نوازا، اور مذکورہ مجموعے کا

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

نام انتخاب کر کے مجھ پر بارِ احسان رکھ دیا ہے۔ ان کے بعد میں اپنے تمام افرادِ خانہ کا بھی شُکر گزار ہوں کہ انہوں نے بھی میرے لیے فرصتیں عنایت کی ہیں۔ اس کے علاوہ میں میرؔ پرویز کا بھی سپاس گزار ہوں، جنہوں نے مذکورہ شعری مجموعے کا مسودہ بڑے ہی احسن طریقے سے کمپوز کر کے دیا ہے اور اسے دیدہ زیب بنا کر خوب سے خوب تر بنانے میں کوئی بھی کسر باقی نہیں چھوڑی ہے۔

۲۰/دسمبر ۲۰۲۴ء

شیخ گلزارؔ
سامبورہ پلوامہ کشمیر

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

نعت

سنا ہے پر تمہیں دیکھا نہیں ہے
محمدؐ سے کوئی اچھا نہیں ہے

بہت سے انبیاء آئے ہیں لیکن
کوئی بھی آپؐ کے جیسا نہیں ہے

میری اوقات ہی کیا ہے جو کہہ دوں
کہ جب یہ چاند بھی تم سا نہیں ہے

میں اتنا کہہ تو سکتا ہوں کہ تم سے
کوئی برتر کوئی بالا نہیں ہے

میرے آقاؐ یہ تم ہی ہو کہ جن کو
خدا سے بھی کوئی پردا نہیں ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

سنا ہے میں نے بھی پر تیرے آگے
وہ یوسفؑ بھی مگر تم سا نہیں ہے

میرے مُحسن، میرے آقاؐ میں تم سے
بچھڑ جاؤں یہ ہو سکتا نہیں ہے

یہ میری بدنصیبی ہے کہ میں نے
ترا روضہ ابھی دیکھا نہیں ہے

فرشتے بھی بہت ممنوں ہیں گلزارؔ
کبھی تم نے مگر سوچا نہیں ہے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

معرکۂ کربلا

گھوڑوں کی دوڑ تھی کہ گرجتا تھا آسماں
اک ایسے خوف سے تو لرزتا تھا آسماں
کس کو کہاں پہ ہوش تھا ہر شئے سہم گئی
جیسے کہ کربلا میں اُترتا تھا آسماں
کچھ اس طرح سے اسپ پہ سوار ہو گئے
جتنے بھی جاں نثار تھے تیار ہو گئے

جو چیز جہاں پہ تھی وہیں کانپ رہی تھی
جیسے کہ زمیں پیاس سے خود ہانپ رہی تھی
شرمندہ اگر خود پہ نہیں تھے وہ حریفاں
حالات کربلا کی ہوا بھانپ رہی تھی
جب ابن علیؓ کرب و بلا میں اُتر گئے
عرش بریں پر بھی ستارے ٹھہر گئے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

اتنے میں جب جہاد کا اعلان ہوگیا
مشکل سے جو مشکل تھا وہ آسان ہوگیا
جتنے بھی حریفانِ نبوت تھے ڈر گئے
آگاہ تو اپنے فرض سے انسان ہوگیا
جو بھی جہاں پہ تھا وہیں پر سہم گیا
جیسے کہ آفتاب بھی رستے میں تھم گیا

ابن علیؓ کے سامنے کوئی نہ آسکا
جو سامنے تھا وہ بھی تو واپس نہ جاسکا
لہرا رہی تھی اس طرح تلوار جب تیری
کوئی تو کسی کو بھی نہیں پھر بچا سکا
کس طرح تُونے لاج نبوت کی بچائی
توبہ یہ شجاعت ہے تیری یا کہ بڑائی

قسمت میں تمہاری تھی شہادت اگر حسینؑ
ہم بھی تو تیرے ساتھ ہیں پر تو ٹھہر حسینؑ
آخر تو یزیدیت بھی یہیں پر ختم ہوئی
اسلام کی جب پھر سے ہوئی ہے سحر حسینؑ
پہلے کی طرح پھر سے طلوع ہوگئی صبح
تابندہ آسمان پہ ہے آج بھی صبح

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

یومِ عاشورہ

سحر کا وقت تھا لیکن اندھیرا ہی اندھیرا تھا
عجب آغاز تھا دن کا عجب رنگ کا سویرا تھا
کہاں معلوم تھا کس کو کہ آخر ماجرا کیا ہے
کہ جب عرش بریں پر بھی نہیں کوئی ستارا تھا
ہوائیں جو صبح کی تھیں کہیں آنسو بہاتی تھیں
نہ کلیاں مسکراتی تھیں نہ کوئل گنگناتی تھیں

پھر یوں سورج فلک کی اور بڑھتا تھا کہ مت پوچھو
کہیں پر یوں کسی کا گھر اُجڑتا تھا کہ مت پوچھو
کہاں معلوم تھا کس کو کہ آخر ماجرا کیا ہے
کہ جب وہ دن بھی خود آہیں یوں بھرتا تھا کہ مت پوچھو
کہیں سورج چمکتا تھا کہیں کرنیں بکھرتی تھیں
فقط مایوسیاں عرش بریں سے یوں اُترتی تھیں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

بہت ہی تیز قدمی سے جب سورج سر پہ آپہنچا
قیامت کی تپش لے کر وہ بحر و بر پہ آپہنچا
کہاں معلوم تھا کس کو کہ آخر ماجرا کیا ہے
کہ سورج اس طرح اس دن جہاں در پہ آپہنچا
جہاں دیکھو وہاں پہ ہر کوئی شئے آہ بھرتی ہے
کہاں معلوم تھا کس کو کہ کس پہ کیا گزرتی ہے

کسی بھی پیڑ کا سایہ زمین پہ تھا نہ بادل تھے
یہاں تک سیائے بھی اپنے نظر سے اپنی اُوجھل تھے
کہاں معلوم تھا کس کو کہ آخر ماجرا کیا ہے
کہاں وہ لوگ ہیں یارب ہمارے ساتھ جو کل تھے
ہواؤں کا کہیں پر بھی نہ تھا نام و نشاں یارب
زمیں تو جیسے گونگی تھی فلک تھا بے زباں یارب

یہ وہ دن تھا جسے کہتی ہے دنیا یومُ العاشورا
یا یوں کہیئے جمعہ کا دن تھا دس تاریخ محرم کا
شہادت پا گئے جس دن حسین ابن علیؓ لیکن
یہ ثابت کردیا باطل کے آگے حق نہیں جھکتا
یہ تم ہی ہو کہ جس نے لاج رکھ دی اہل بیت کی
حقیقت کی، صداقت کی، نبوت کی، شہادت کی

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کہاں یہ تم بھی آخر جا رہے ہو
جہاں والوں سے کیا گھبرا رہے ہو

اگر سچ ہے تو پھر کس بات پر تم
قسم کھا کر بھی قسمیں کھا رہے ہو

یہاں پر میں یوں ہی ٹھہرا نہیں تھا
مجھے معلوم تھا تم آرہے ہو

شہر کی بعض گلیوں میں یوں تنہا
تم یہ کس کو پکارے جارہے ہو

مجھے تو ٹھیس پہنچی ہے مگر تم
ذرا سی بات پہ کراہ رہے ہو

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

کبھی کیا خود کو بھی پرکھا ہے ناصح
نصیحت ہم کو جو فرما رہے ہو

مجھے معلوم ہے کیا، کیا کہوں میں
کہ تم مجھ کو بنائے جارہے ہو

میں مجرم ہوں مگر میرے کیے پر
تم یہ کیوں اس طرح پچھتا رہے ہو

مجھے دیکھو کہ ان حالات میں بھی
میں ہنستا ہوں تم روئے جارہے ہو

کہوں کیا میں کہ کس لئے تم بھی
میرے غم کو اچھالے جا رہے ہو

اگر اوروں سے تم خوش ہو تو میرے
وفائے دل کو کیوں ٹھکرا رہے ہو

میں حیراں ہوں کہ اب گلزار تم بھی
مجھے دل سے اُتارے جارہے ہو

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

ایک دن تم بھی بھول جاؤ گے
ساتھ کب تک یوں ہی نبھاؤ گے

زندگی کی اُجاڑ راہوں میں
تم کہاں بستیاں بساؤ گے

جو سکندر بھی کر نہیں پایا
تم وہ کیا کام کر دکھاؤ گے

صرف کہنے سے کچھ نہیں ہوتا
کچھ کرو گے تو جان جاؤ گے

جانے کس جُرم کی سزا ہے یہ
جب میرے جُرم گِن نہ پاؤ گے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

تم کہاں کی یہ بات کرتے ہو
یہاں خود کو بھی بھول جاؤ گے

کس طریقے سے اب یہاں اے دوست
زندگی کو سنبھال پاؤ گے

وقت آنے پہ اس طرح تم بھی
کچھ کرو گے تو کر نہ پاؤ گے

زہر اُگلو گے جب یوں ہی گلزارؔ
تم تو اپنوں کو بھی گنواؤں گے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کوئی قصہ نہ داستاں کوئی
نہ کہیں پر ہے نوحہ خواں کوئی

شام سے قبل میرے آنگن میں
روز آتا ہے تشنگاں کوئی

کیا کہوں میں کہ تیری محفل میں
کوئی واعظ ہے اور میاں کوئی

تم رُکو، میں ہی دیکھ کر آؤں
ہے کہیں پر یہاں دُکاں کوئی

تم جو پوچھو گے پوچھ لو لیکن
یوں بھی ہوتا ہے امتحاں کوئی

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

اس سے پہلے کہ ہم کہیں جائیں
ڈھونڈ لیں گے کہیں مکاں کوئی

ہم تو آباد ہیں مگر دل کی
پھر جلا دیں نہ بستیاں کوئی

میں جو کہتا ہوں ٹھیک ہے لیکن
کیوں ملاتا ہے ہاں میں ہاں کوئی

کیا کہیں ہم کہ اب بھی اُلفت میں
ہے ہمارے بھی درمیاں کوئی

دل شکستہ تو میں بھی ہوں لیکن
تم سے بھی کیا ہے بدگماں کوئی

گر چہ قسمت ہو ایک دن گلزارؔ
مل ہی جائے گا مہرباں کوئی

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کہیں دیوار و در دِکھتا نہیں ہے
کیا ان لوگوں میں کوئی چاہ نہیں ہے

سبھی تو عیش سے رہتے ہیں لیکن
میری قسمت میں کچھ اچھا نہیں ہے

میں اوروں کے لیے بھی سوچتا ہوں
تجھے تو اپنی بھی پروا نہیں ہے

میں یہ بھی جانتا ہوں میری خاطر
کہیں گھر سے وہ اب جاتا نہیں ہے

قبل اس کے کسی کو اب میں چاہوں
تو آکر مجھ سے کیوں ملتا نہیں ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

کسی کو کیا کہ اپنے آپ کو بھی
ابھی تک میں نے تو سمجھا نہیں ہے

کہوں کیا میں کہ اب میرے ہی گھر میں
کوئی مجھ سے تو کچھ کہتا نہیں ہے

جہاں میں ہوں کہیں میرے لئے وہ
کس سے پوچھوں کوئی دھوکا نہیں ہے

کہاں معلوم تھا مجھ کو بھی گلزارؔ
کہیں پر ایسا تو ہوتا نہیں ہے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کچھ کہا اور نہ کچھ سنا اُس نے
کیسا وعدہ نبھا لیا اُس نے

آج پھر آکے میری بستی میں
کیا کہیں کس سے کیا کہا اُس نے

میں تو کچھ اور ہی سمجھتا تھا
پھر بھی دیکھو کہ کیا کیا اُس نے

میں کلیجے کو تھام کر بیٹھا
شور ایسا بپا کیا اُس نے

کیا کہوں میں کہ میری اُلفت میں
کھوٹ شامل تو کردیا اُس نے

میں تو مقروض تھا مگر میرا
قرض سارا چکا دیا اُس نے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

مجھ کو معلوم ہے میرے گھر کا
کس لئے یہ پتا دیا اُس نے

جب لکھا ہے تو دیکھ ہی لیں گے
خط میں کیا کچھ نیا لکھا اُس نے

نقد سودا تھا اس لئے اُس نے
کچھ دیا اور کچھ لیا اُس نے

میں تو خاموش یوں ہی بیٹھا تھا
پھر نہ پوچھو کہ کیا کہا اُس نے

کیا کہوں میں کہ میری عادت سے
مجھ کو واقف کرا دیا اُس نے

میں تو کچھ بھی نہ پوچھتا لیکن
مجھ سے پہلے تو کچھ کہا اُس نے

جانتا ہوں کہ کس لئے گلزارؔ
آج دھوکا مجھے دیا اُس نے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

جب کسی کا کوئی نہیں ہوتا
پھر مجھے کیوں نہیں یقیں ہوتا

میں تو آوارہ یوں نہیں ہوتا
میرا گھر بھی اگر کہیں ہوتا

بات اتنی سی مان لو پیارے
کوئی مسئلا سنگیں نہیں ہوتا

آدمی گھر سے کیوں کہیں جاتا
گرچہ سب کچھ اُسے یہیں ہوتا

میرے تن پہ اس کھال کے بدلے
کاش لوہے کا آستیں ہوتا

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

کیا عجب ہے کہ اس بڑھاپے میں
کام مجھ سے کوئی نہیں ہوتا

کتنا اچھا مکان ہے لیکن
زندگی پر بھی کچھ یقیں ہوتا

میرے ہاتھوں میں بھی تیری خاطر
گل ہی ہوتا اگر، حسیں ہوتا

کیا قیامت ہے اس طرح گلزار
کوئی دل سے جُدا نہیں ہوتا

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

یہ کیسے لوگ ہیں کیسا نگر ہے
بنا دیوار و در کے جن کا گھر ہے

کہاں تک اور تم کو آزماؤں
کہ جب یہ زندگی بھی مختصر ہے

میں حاضر ہوں مگر کیسے میں جاؤں
مجھے رستے نہ منزل کی خبر ہے

یہ کیا صورت بنا رکھی ہے تم نے
تمہیں کس بات کا آخر یہ ڈر ہے

کہیں سے بھی کوئی آئے میں سمجھوں
کسی کی آج بھی مجھ پہ نظر ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

یہ تم ہی ہو کہ جس کو دیکھ کر میں
سمجھتا ہوں جہاں تصویر گھر ہے

یہ تیرا گھر بہت اچھا ہے لیکن
بہت پیچھے یہ بستی کے اندر ہے

میں ہنستا ہوں مگر میرا یہ دامن
لہو اور آنسوؤں سے تربتر ہے

تجھے معلوم کیا تیری وفا کا
میری رگ رگ میرے دل میں اثر ہے

یہ کیسا روگ ہے تم کو بھی گلزارؔ
تمہیں اپنی نہ اوروں کی خبر ہے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

اور کب تک یوں مسکراؤ گے
زندگی سے نظر چراؤ گے

وقت آنے پہ شمع کی مانند
دوست تم بھی تو جھلملاؤ گے

جانتا تھا کہ ایک دن تم بھی
میری اُلفت کو بھول جاؤ گے

تم میرے گھر سے جاؤ گے لیکن
میرے اس دل سے کیسے جاؤ گے

کس کو معلوم تھا کہ یوں تم بھی
میری حالت پہ مُسکراؤ گے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

قبل اس کے کہ میں تمہیں چاہوں
تم بھی عہدِ وفا نبھاؤ گے

زندگی یار کس کو کہتے ہیں
ایک دن خود ہی جان جاؤ گے

بھوک اور پیاس کے اس عالم میں
کس کو کس طرح سے ہنساؤ گے

کیا کہوں میں کہ کس طرح تم بھی
زندگی کو سنبھال پاؤ گے

بات اوروں کی چھوڑیئے گلزارؔ
کیا ہمیں تم سنبھال پاؤ گے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

دل کو سمجھا نہیں سکا کوئی
جب سے مجھ سے جدا ہوا کوئی

مجھ کو کچھ بھی نہ چاہیے لیکن
میری جانب بھی دیکھتا کوئی

تم کو معلوم کیا تیری خاطر
خود کو برباد کر گیا کوئی

کام ایسا تو کرگیا میں بھی
آج تک جو نہ کر سکا کوئی

میں اکیلا تو تھا مگر میری
زندگی میں بھی آگیا کوئی

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

ہائے افسوس میری دنیا سے
یاس و حسرت بھی لے گیا کوئی

حال ایسا تھا جیسے بستی میں
تھا بپا اب بھی کربلا کوئی

تم کہو گے تو دُور صحرا میں
آ بسا لیں گے گھر نیا کوئی

ایک دن تم بھی ٹوٹ جاؤ گے
گر نہ دے تم کو آسرا کوئی

میں جو کہتا ہوں سوچ لو گلزارؔ
ورنہ سُن لے گا دوسرا کوئی

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

اس طرح سے وہ ہمارے ہو گئے
زندگی سے بھی تو پیارے ہو گئے

لوگ کہتے ہیں مگر میں کیا کہوں
جو میرے تھے وہ تمہارے ہو گئے

میری دنیا میں جہاں بھی دیکھئے
پارے پارے سب نظارے ہو گئے

میں کنارے پر پہنچ جاتا مگر
بیچ میں لیکن اشارے ہو گئے

اب یہ لگتا ہے کہ اب میرے لئے
جو بھی چشمے ہیں وہ کھارے ہو گئے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

کیا تماشا ہے کہ آہیں بھی میری
اب خلاؤں کے غبارے ہو گئے

میں اکیلا اک طرف تھا، اک طرف
لوگ یہ سارے کے سارے ہو گئے

میرا اپنا کیا، وہ سارے عرش کے
گُم میری نظروں سے تارے ہو گئے

میں تو روتا ہوں مگر تیرے لئے
اب یہ آنسو بھی فوارے ہو گئے

کیا قیامت ہے کہ میرے غیر بھی
میری آنکھوں کے تو تارے ہو گئے

آج تک جو بھی کہے گلزارؔ وہ
شعر سب دل کے سہارے ہو گئے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

چلو آج ہم بھی کسی کے ہوئے
مگر کیا کریں دُور خود سے ہوئے

ہمیں اور کب تک سنبھالو گے تم
اصل میں ہیں ہم لوگ بہکے ہوئے

میں کہتا بہت کچھ مگر کیا کروں
مجھے شرم آتی ہے کہتے ہوئے

بہار اپنی جوبن پہ ہے اور چمن
ہیں خوشبو کی شدت سے مہکے ہوئے ہیں

بہت ہی حسیں تم تو ہو ہی مگر
تمہیں دیکھ لیتا میں ہنستے ہوئے

چلو آج میں بھی ذرا دیکھ لوں
ملے گا تجھے کیا یہ لیتے ہوئے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

بہت ہی گراں تھے یہ پہلے مگر
اب انساں بھی پیڑوں سے سستے ہوئے

میرے بس میں ہوتا تو میں ٹوکتا
کروں کیا میں مظلوم ہوتے ہوئے

کسی کو بتا تو ہی کیا دیکھتا
زمانہ ہوا خود کو دیکھے ہوئے

کروں کیا، ستم تیری اُلفت کا میں
بہت تھک چکا ہوں جو سہتے ہوئے

جہاں ہم ملے تھے اُسی موڑ پر
کئی لوگ اب بھی ہیں ٹھہرے ہوئے

یوں تنہا اے ظالم! مجھے چھوڑ کر
کہاں جارہے ہو مچلتے ہوئے

کریں کیا کہ گلزار تیری یاد میں
بھٹکتے ہیں ہم ہوش رکھتے ہوئے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

بہت دیر تک دیکھتے رہ گئے
نہ جانے کہ کیا سوچتے رہ گئے

خدا جانے کب سے تیری بزم میں
تمہیں روز و شب دیکھتے رہ گئے

تجھے کیا خبر تیری فرقت میں ہم
یوں ہی رات بھر جاگتے رہ گئے

کہ ہم اپنی بربادیوں کے سبب
یوں ہی عمر بھر سوچتے رہ گئے

کہیں کیا کہ ہم کھو گئے تھے کدھر
تمہیں خود میں خود ڈھونڈتے رہ گئے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

بہت زور کی تھی غموں کی ندی
کہ ہم باندھ بس باندھتے رہ گئے

جنہیں جو ملا وہ گئے بھی مگر
ہم ہی دیر تک مانگتے رہ گئے

جو اپنے بڑوں سے ملی آج تک
وہ دولت بھی ہم بانٹتے رہ گئے

خدا جانتا ہے کہ کس بات پر
ہمیں کیوں وہ یوں دیکھتے رہ گئے

ملے ہیں مگر کیا کہوں کس طرح
مجھے کیا سے کیا پوچھتے رہ گئے

کہیں کیا کہ گلزارؔ کس بات پر
ہمیں کس طرح کوستے رہ گئے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

جیوں میں اور کب تک یوں تیرے بِن
کہ میں تنہا یہاں پر ہوں تیرے بِن

کسی کو کیا، یوں اپنے آپ کو بھی
کہو تم ہی میں کیا سمجھوں تیرے بِن

زمانہ کچھ بھی دے مجھ کو مگر میں
یہاں کس شخص سے کیا لوں تیرے بِن

میری اوقات ہی کیا ہے میں پھر بھی
کہاں پر کس کو کیا جانوں تیرے بِن

چلو مانا کہ میں ناداں ہوں پھر بھی
یہاں ہر اِک سے آگے ہوں تیرے بِن

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

یہ جنت سے بھی کچھ اچھا ہے لیکن
یہاں کس گل سے میں اُلجھوں تیرے بِن

اس سے پہلے کہیں سے لے کے آؤں
کسی سے کیا میں کب چاہوں تیرے بِن

تیری اس بے رُخی پہ آج بھی میں
خفا اس زندگی سے ہوں تیرے بِن

کہوں کیا میں کہ تم کیسے ہو لیکن
کبھی تو میں بھی روتا ہوں تیرے بِن

یہی کچھ میں نے بھی دیکھا ہے گلزارؔ
میں تنہا خود بھی حیراں ہوں تیرے بِن

کسی سے جب بھی میں ملتا ہوں گلزارؔ
میں کیا کیا سوچتا پھر ہوں تیرے بِن

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

تیرے آگے تو میں کچھ بھی نہیں ہوں
میں اِک ٹوٹے ہوئے گھر کا مکیں ہوں

مجھے دیکھو تو میں گل کی طرح ہوں
مجھے چھولو تو پھر میں آتشیں ہوں

ارے تم مجھ سے کیوں شرما رہے ہو
کسی کے تن کا میں بھی آستیں ہوں

فلک میرے! کہ تم جس پہ کھڑے ہو
وہ تنہا ایک تو میں ہی زمیں ہوں

میں جھوٹا ہو بھی سکتا ہوں مگر تم
یقیں کر لو کہ میں پکا یقیں ہوں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

کہوں کیا میں کہ اس تیری وفا میں
میرا یہ دل کہیں ہے میں کہیں ہوں

بہت نزدیک ہوکر بھی میں تم سے
اگر دیکھیں، تو ہر اِک کے قریں ہوں

حسیں تم ہو چلو مانا تو تم بھی
سمجھ لو میں بھی اوروں سے حسیں ہوں

میں خود سے بھی بہت آگے ہوں لیکن
میں اوروں کے لئے اب بھی یہیں ہوں

کہوں کیا میں کہ اب بھی تیرے آگے
کوئی کیا میں بھی تو ٹکتا نہیں ہوں

کوئی کچھ بھی کہیے پھر بھی تو گلزارؔ
یقیں کر لو کہ میں ویسا نہیں ہوں

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

زندگی کس کے ہاتھ آئی ہے
یہ تو اپنی ہے نہ پرائی ہے

بات کیسی بھی ہو مگر میری
کیا کہوں کب سمجھ میں آئی ہے

جانے کیا آج مجھ کو سمجھانے
زندگی کی بہار آئی ہے

زندگی کے عروج سے آگے
کب یہ معلوم تھا ترائی ہے

کون ہے جو یہ مجھ کو سمجھائے
بات اس دل میں جو سمائی ہے

لوگ کہتے ہیں مجھ کو کیا معلوم
یہ ملن بھی تو اِک جدائی ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

یہ بہت ہے کہ آپ تک میری
آج بھی پھر وہی رسائی ہے

سوچتا ہوں کہ کس لئے تم نے
زندگی مفت میں گنوائی ہے

جانے کس کی یہ داستاں تھی جو
تم نے ہر شخص کو سنائی ہے

مجھ کو لگتا ہے یہ کہ اب میری
بجلیوں سے بھی آشنائی ہے

بات وہ عام ہوگئی میری
آج تک میں نے جو چھپائی ہے

تم یہ کس کو پکار آئی ہو
یہ صدا کس طرف سے آئی ہے

بات کیا ہے کہ کس لئے گلزارؔ
دھوپ میں بھی گھٹا سی چھائی ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

زندگی خود بھی اِک تماشا ہے
تم کہو تیرے واسطے کیا ہے

کون کہتا ہے تم کو اپنا لوں
تم کو پانے کی بس تمنا ہے

جب یہ اتنے چراغ روشن ہیں
دل جلانے کا فائدہ کیا ہے

کون کس کی یہاں پہ سنتا ہے
پھر بھی بولو کہ التجا کیا ہے

مجھ سے اکثر یہ میری تنہائی
پوچھتی ہے تُو سوچتا کیا ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

میں ہوں مجرم چلو مانا و لیکن
یہ کیسا عدل ہے کیسی سزا ہے

بدلنا تو بہت آساں ہے لیکن
بدلنے کب مجھے تم نے دیا ہے

میرا پوتا بھی مجھ سے پوچھتا ہے
میری جانب تو یہ کیوں دیکھتا ہے

تم کسی سے بھی پوچھ لو گلزارؔ
مجھ کو کس چیز کی تمنا ہے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

ان دنوں وہ بھی ہے خفا مجھ سے
جانے وہ چاہتا ہے کیا مجھ سے

کل تلک کب وہ دُور تھا مجھ سے
اب اگر وہ جدا ہوا مجھ سے

آج تک میں سزا بھگتا ہوں
جانے کب کیا ہوئی خطا مجھ سے

میں تو ہر اِک سے مل کے آیا ہوں
پر وہ ظالم نہ آ ملا مجھ سے

وہ تو خاموش ہی رہا پھر بھی
جانے کیا کیا وہ کہہ گیا مجھ سے

اب تو وہ مجھ سے دور ہے لیکن
پہلے میرے قریب تھا مجھ سے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

میں بھی چاہتا تھا کچھ کروں لیکن
آج تک کچھ نہ ہو سکا مجھ سے

اس کے بارے میں کیا کہوں پھر بھی
میرے آگے وہ ہے بھلا مجھ سے

تم کہو گے تو سوچ لوں ورنہ
کام ایسا تو کب ہوا مجھ سے

کب یہ سوچا تھا اس طرح وہ بھی
یوں کہے گا بُرا بھلا مجھ سے

جانے کس نے یہ کہہ دیا ورنہ
آج بھی آکے وہ ملا مجھ سے

تم کہو گے تو جان بھی دے دوں
پر نہ چھینو یہ حوصلہ مجھ سے

کچھ تو کرنے کی چاہ تھی گلزار
ورنہ تم نے بھی کیا کیا مجھ سے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

جس دن سے مغرور ہوئے ہیں
ہم بھی تو مشہور ہوئے ہیں

تم سے یہ نزدیکی کیسی
جب ہم خود سے دُور ہوئے ہیں

جانے کس نے کیوں ہجرت کی
لیکن ہم مجبور ہوئے ہیں

میرے آنگن کے وہ پنچھی
کس گھر کے طیور ہوئے ہیں

اب تو میرے محلے والے
اپنوں سے بھی دُور ہوئے ہیں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

ڈگری حاصل کی تھی لیکن
پیٹ کے ہم مزدور ہوئے ہیں

میرے حق میں میری خاطر
کچھ وعدے منظور ہوئے ہیں

ہم تو سمجھے تھے ہم گلزارؔ
تم سے بھی کچھ دُور ہوئے ہیں

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

شعر میرے بھی خوش نما ہوتے
یا اَنوکھے سے کچھ ذرا ہوتے

گرچہ تم بھی نہ مہیا ہوتے
ہم نہ خود سے بھی آشنا ہوتے

میرے جیسے یہ تیرے دیوانے
کاش دل کے بھی باوفا ہوتے

کس کی جانب تُو غور فرماتا
گر کئی تیرے دل رُبا ہوتے

آج مجھ کو بھی تیری جانب سے
غم کئی اور بھی عطا ہوتے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

میں اکیلا ہوں میری بستی میں
لوگ کچھ اور سر پھرا ہوتے

کاش ہم بھی طیور کی مانند
زندگی سے پَرے ذرا ہوتے

میں نہ رستے میں یوں ٹھہر جاتا
گرچہ آگے بھی نقش پا ہوتے

پھر زمانے کا حال کیا ہوتا
ہم جو اک دوسرے کے نا ہوتے

کس قدر ہم بھی سخت ہیں یارب
کاش ہم بھی تو پھول سا ہوتے

ہم تو تم سے ہی آج ہیں گلزارؔ
تم نہ ہوتے تو ہم بھی کیا ہوتے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کہاں تک یوں ہی آزماؤ گے تم
کیا اپنوں سے بھی دُور جاؤ گے تم

میں یہ سوچتا ہوں کہیں بھیڑ میں
اگر کھو گیا ڈھونڈ لاؤ گے تم

کسی کے لئے نہ سہی پر میرے
لئے، راہ میں ٹھہر جاؤ گے تم

میں یہ پوچھتا ہوں کہ میرے لئے
کچھ میری پسند پر بھی لاؤ گے تم

گماں تو یہی تھا کہ ہر حال میں
میرا ساتھ دل سے نبھاؤ گے تم

کہاں مجھ کو تم سے یہ اُمید تھی
کہ اے زندگی! یوں ستاؤ گے تم

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

میرا ساتھ دے دے کے میری طرح
میرے ہم سفر ٹوٹ جاؤ گے تم

میں تنہا ہوں لیکن میں اس آس پر
جیوں گا کہ پھر لوٹ آؤ گے تم

کہاں یہ گماں تھا کسی بات پر
کبھی میرے دل کو دُکھاؤ گے تم

جہاں بھی رہو گے سدا سامنے
میرے دوست مجھ کو بھی پاؤ گے تم

میں تنہا نہیں ہوں تو اس بات کا
یقیں کیا مجھے یہ دِلاؤ گے تم

تمہیں کیا مگر مجھ کو معلوم تھا
ہر اِک بات پر ہار جاؤ گے تم

خبر کیا کہ گلزارؔ کس بات پر
نہیں گھر پہ مجھ کو بلاؤ گے تم

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

ہمیں اور کیا کیا وہ سمجھا گئے
زمانے سے بھی وہ ہمیں بھا گئے

وہ چہرا، وہ آنکھیں، وہ حسن و شباب
میرے دل، میری روح پر چھا گئے

کہ میں گھر سجانے میں مصروف تھا
اچانک وہ گھر کے اندر آ گئے

کریں کیا وفا کے عوض سامنے
ہمارے یہ دیکھو کہ کیا لا گئے

کبھی اُن سے میں نے بھی جب بات کی
ہمیشہ وہ مجھ سے بھی شرما گئے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

نہ جانے کہ ہم نے بھی چاہا تھا کیا
کہ بدلے میں رنج و الم پا گئے

اندھیرا تو کیا ہے اُجالے میں بھی
کہیں بھی تو جانے سے گھبرا گئے

خبر کیا کہ اس روز اوروں سے ہم
کیوں ایسے، کھلونوں سے بہلا گئے

کسی کا نہیں اپنے دل کا ہی ہم
چلو حکم کوئی بجا لا گئے

خبر کیا کہ اس بار کس بات پر
اُجالے میں بھی ہم تو چونکا گئے

کوئی جب نہ آیا تو گلزارؔ ہم
جہاں بھی گئے ہیں تو تنہا گئے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

تماشا کہاں تک بھلا دیکھتے
اگر دیکھتے بھی تو کیا دیکھتے

اگر میرے حق میں سزا بول دی
مگر پہلے میری خطا دیکھتے

اگر اُس نے مجھ سے نظر پھیر لی
تم ہی میری جانب ذرا دیکھتے

یہ خواہش ہے میری کہ اپنی طرح
تمہیں بھی سدا جابجا دیکھتے

بہت کچھ سہا ہے ابھی تک مگر
کبھی زندگی کا مزا دیکھتے

ہمیں زندگی بخش دی ہے مگر
ہے کیا زندگی کا مُدعا دیکھتے

کہوں کیا کہ اپنی دعاؤں کو بھی
خلاؤں سے آگے ذرا دیکھتے

یوں تم روز ملتے ہو مجھ سے مگر
کبھی آکے گھر بھی میرا دیکھتے

چمن میں کہیں اپنے بھی نام کا
کوئی پھول یارب! ہرا دیکھتے

شہر میں بھی اپنے سوا اور بھی
کہیں پر کوئی سر پھرا دیکھتے

تمنا یہی ہے کہ گلزارؔ ہم
کچھ اپنے بھی گھر میں نیا دیکھتے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

لوگ بھی مجھ پہ مہرباں ہوں گے
کیا خبر ہم مگر کہاں ہوں گے

میں وہ طائر ہوں، تیری ٹہنی پر
اے شجر! جس کے آشیاں ہوں گے

دیکھ تم بھی کہ وقت آنے پر
میرے بھی تو کئی مکاں ہوں گے

کیا وفا ہے یہ کیسی اُلفت ہے
جب یہ قاصد بھی درمیاں ہوں گے

تم کہو گے تو میں بھی آجاؤں
گرچہ یہ لوگ بھی وہاں ہوں گے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

کیا کریں جب اس زندگی کے بھی
ہر طرح کے بھی امتحاں ہوں گے

جانتا ہوں کہ ان دنوں وہ بھی
مجھ سے زیادہ ہی بدگماں ہوں گے

آج بے بس ہیں کیا ہوا کل یہ
ہم ہی لوگوں کے درمیاں ہوں گے

کیا کہیں کب یہ مرحلے دل کے
ہم ہی دونوں کے درمیاں ہوں گے

کب یہ سوچا تھا اس طرح ہم بھی
یار اُلفت میں بے اماں ہوں گے

یوں تو ہم ساتھ ساتھ ہیں گلزارؔ
کیا خبر کل کہاں کہاں ہوں گے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کاش مجھ سے بھی بات کر لیتا
میری خاطر بھی آہ بھر لیتا

گر تو اس بات کی خبر ہوتی
میں یہ الزام اپنے سر لیتا

کام کوئی بھی ہو تیری خاطر
تم جو کہتے تو میں بھی کر لیتا

کیا خبر کیا خطا ہوئی ورنہ
وہ نہ الزام مجھ پہ دھر لیتا

اُس کو کوئی تناؤ تھا ورنہ
مجھ سے وہ بات یوں نہ کرلیتا

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

تم کہو گے تو ٹھیک ہے ورنہ
اُس کا احساں نہ عمر بھر لیتا

تم اگر مجھ سے پہلے کہہ دیتے
میں اُسے خود سے دُور کر لیتا

مجھ کو اوروں کی کیا ضرورت تھی
وہ اگر مجھ کو اپنے گھر لیتا

خواہشیں اور بھی تو ہیں گلزارؔ
کوئی میری مدد تو کر لیتا

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

نہیں، پھر مجھ پہ بھی الزام ہوگا
اگر مجھ سے نہیں یہ کام ہوگا

ہمیں اُمید ہے علم و ادب میں
ہمارا بھی کہیں پر نام ہوگا

مجھے معلوم تھا سارے شہر میں
ذرا سی بات پہ کہرام ہوگا

یہ دنیا ہے یہاں پہ آدمی کو
میّسر کب کہاں آرام ہوگا

میں لے آتا مگر معلوم کیا تھا
بہت مہنگا وفا کا دام ہوگا

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

ذرا دیکھو کہ میرے نام کا بھی
کوئی خط یا کوئی پیغام ہوگا

میرے اے دوست! میں شہرت ہی سمجھوں
شہر میں گر کوئی بدنام ہوگا

اُسے اندر تو آنے دو کہ اُس کو
مجھے لگتا ہے کوئی کام ہوگا

اگر سر پہ تیرے ٹوپی ہے گلزارؔ
میرے تن پر بھی تو احرام ہوگا

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

یہاں کے لوگ ہیں گونگے جنم سے
تمہیں جو پوچھنا ہے پوچھ ہم سے

میں ایسا تھا نہیں تیری قسم سے
ہوا ہے حال یہ تیرے کرم سے

چھپاؤ گے کہاں تک اور ہم سے
تو اُلجھا ہے کسی پیچیدہ غم سے

ملا ہے جو مجھے اپنے بڑوں سے
میں چلتا ہوں اُسی جاہ و حشم سے

تم میرے واسطے کیا کر سکو گے
بہت پیاسا ہوں میں پچھلے جنم سے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

تمہیں تو ہو نہ ہو لیکن مجھے تو
کہوں کیا کس قدر اُلفت ہے تم سے

تمہیں بھی ساتھ لے جاؤں مگر تم
ملاؤ گے قدم میرے قدم سے

کہاں معلوم تھا مجھ کو کہ تیرے
غصّے بھی ہیں ملائم اور نرم سے

مجھے کیا روک پاؤ گے تم گلزارؔ
میں نکلا ہوں کہیں پورے عزم سے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

آرزوئیں ہیں بہت پر کیا کروں
کام پھر بھی آپ کے جیسا کروں

کس کو فرصت ہے کسے پوچھا کروں
اے میرے اللہ! میں آخر کیا کروں

تم جو چاہو گے تو میں بھی عمر بھر
جس طرح سے ہوسکے سیوا کروں

سوچ لو تم بھی ذرا سی بات پر
کس لئے ہنگامہ سا برپا کروں

یہ تو دنیا ہے یہاں تُو ہی بتا
کس طرح سے عمر بھر مہکا کروں

تم جو کہتے ہو چلو اس بات پر
گر ملی فرصت تو میں سوچا کروں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

عمر تیرے ساتھ گزری ہے اگر
آج تجھ سے کس لئے پردا کروں

مہربانی سب نے مجھ پہ کی مگر
شکریہ، تو ہی بتا کس کا کروں

کون کس کا ہے مگر تیرے لئے
زندگی بھر کیا یوں ہی ترسا کروں

تم ملو یا نہ ملو لیکن تمہیں
میں ہمیشہ کی طرح ڈھونڈا کروں

میں تو حیراں ہوں تیرے گھر کا پتا
کیا کروں کس شخص سے پوچھا کروں

وہ پڑھیں یا نہ پڑھیں لیکن اُسے
اپنی جانب سے میں خط بھیجا کروں

کس لئے گلزار بیٹھے ہو یہاں
تم جو چاہو میں بھی سمجھوتا کروں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

جہاں دیکھو وہاں پہ بستیاں ہیں
کبھی جو تھیں کھُلی جگہیں، کہاں ہیں

اگر لوگوں نے ہجرت کی ہے لیکن
پرندوں سے بھی خالی آشیاں ہیں

جہاں تیری عمارت ہے وہیں پر
کئی کوٹھے کئی میرے مکاں ہیں

ہم آپس میں بہت اچھے ہیں لیکن
کئی مسئلے ہمارے درمیاں ہیں

زمین و زر سے تو لے کر مکاں تک
میرے گھر میں بہت سی گاڑیاں ہیں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

مجھے معلوم ہے تیری نظر میں
میری وہ محنتیں بھی رائیگاں ہیں

جہاں چشمے نکلتے ہیں وہیں پر
میرے کچھ کھیت ہیں، میرے مکاں ہیں

پرائے تو پرائے ہیں ولیکن
میرے اپنوں میں بھی کچھ خامیاں ہیں

مکاں تیرا بہت اچھا ہے لیکن
غلط دیوار و در ہیں کھڑکیاں ہیں

سنا ہے میں نے بھی لیکن خبر کیا
یہاں کے لوگ مجھ پہ مہرباں ہیں

میں خالی ہوں مگر گلزارؔ مجھ میں
ابھی باقی بہت سی خوبیاں ہیں

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کوئی تم سا کہیں دیکھا نہیں ہے
میرے اے دوست! تو کتنا حسیں ہے

نظر لگ جائے نہ تم کو کہیں پر
یہاں حسرت تیری کس کو نہیں ہے

میں اس انداز سے بکھرا ہوں میری
یہ نازک جاں کہیں ہے، دل کہیں ہے

کسی کو ہو نہ ہو لیکن مجھے تو
تیری ہر بات پہ پورا یقیں ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

تم کہتے ہو چلو مانا و لیکن
اگر دیکھیں تو وہ ایسا نہیں ہے

تمہیں معلوم ہے کیا تم سے پہلے
مگر تم کو کہاں مجھ پہ یقیں ہے

مجھے معلوم ہے مجھ سے بھی گلزارؔ
وہ ہر جائی تیرے دل کے قریں ہے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کون کس کا خیال کرتا ہے
آدمی جب کوئی بکھرتا ہے

دل یہ میری طرح سنورتا ہے
جب کوئی پاس سے گزرتا ہے

حال یہ ہے کہ میری حالت پر
ہر کوئی شخص آہ بھرتا ہے

تم کہاں ہو کہ تیری فرقت میں
دل یہ اب بھی قیاس کرتا ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

آدمی کب بہار آنے پر
گل کی مانند کہیں نکھرتا ہے

تم ابھی تک حسین ہو لیکن
وقت کس کے لئے ٹھہرتا ہے

غم کے ساگر میں ڈوب کر گلزارؔ
کب کوئی شخص پھر اُبھرتا ہے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

مجھے تم سے نہیں خود سے گلہ ہے
کس سے پوچھوں میری قسمت میں کیا ہے

میں بندہ ہوں میری اوقات کیا ہے
خدا ہے تو، خدا ہے، تو خدا ہے

مجھے لگتا ہے اب یہ زندگی بھی
میری حالت سے بھی ناآشنا ہے

کسی کے عشق میں کھونے سے پہلے
میں کیسا تھا کہاں تم کو پتا ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

میں اپنے آپ سے بھی بے خبر ہوں
میرے اے دوست تو جب سے گیا ہے

میں تیرے واسطے تو اجنبی ہوں
میرے دل میں مگر تیری وفا ہے

کہاں ہو، کس جگہ ہو، مجھ سے گلزارؔ
مجھے لگتا ہے تو اب بھی خفا ہے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کس طرح مجھ کو بھول پاؤ گے
تم بھی کیا خود کو آزماؤ گے

جانتا تھا کہ میری حالت پر
دوست تم بھی تو مُسکراؤ گے

منتظر میں بھی ہوں میری جانب
کیا کبھی تم قدم بڑھاؤ گے

تم کہیں بھی رہو میری خاطر
ایک دن تم تو لوٹ آؤ گے

تم میرے ہو نہ پاؤ گے لیکن
میرے خوابوں میں آ تو پاؤ گے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

تم ہمارے ہو اس لئے تم سے
جو کہوں، تم مگر چھپاؤ گے

جانتا تھا کہ آخرش تم بھی
میرے دل کو بھی یوں جلاؤ گے

ہوں بہت ہی اُداس مگر گلزارؔ
کیا کبھی تم مجھے ہنساؤ گے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

مجھ پہ وہ مہربان ہے پیارے
یہ زمین آسمان ہے پیارے

داغ دل کے تو ڈھل گئے لیکن
رُخ پہ اب بھی نشان ہے پیارے

زندگی تو اُداس ہے لیکن
دل کو پھر بھی گمان ہے پیارے

بیچ بستی کے دَب گیا ہے جو
جانے کس کا مکان ہے پیارے

کب وہ ٹکتا ہے سامنے میرے
یہ میری آن بان ہے پیارے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

یوں تو سب کچھ یہاں پہ ہے لیکن
گرچہ خستہ دُکان ہے پیارے

مفلسی، بھوک، پیاس، تنگدستی
یہ میرا خاندان ہے پیارے

سچ تو یہ ہے چراغ مفلس کا
اِک میرا ترجمان ہے پیارے

ہاں بڑھاپا تو ہے مگر گلزارؔ
دل یہ اب بھی جوان ہے پیارے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

بہت پچھتاوا ہے اپنے کئے پر
میں یہ کیا سوچتا رہتا ہوں اکثر

یہ دنیا ہے یہاں کی ٹھوکروں میں
کسی کا گھر، کسی کا ہے مقدر

کوئی کچھ بھی کہے پر تیری خاطر
میں اپنی زندگی رکھ دوں بدل کر

بہت نادان میں بھی ہوں کہ میرے
جہانِ عشق میں، مجھ کو پتا کر

میں اپنے آپ سے بھی بے خبر ہوں
تم یہ کیا پوچھتے رہتے ہو اکثر

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

میں زندہ ہوں مگر تم میری خاطر
مجھے دیکھو ذرا دھیرے سے چھو کر

مجھے میری خبر تو دے کہ میری
نظر میں آگ ہے آگے کا منظر

عجب ہیں خوشبوئیں گلشن میں گلزارؔ
بھلا یہ کون ٹھہرا ہے یہاں پر

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

تم یہ کیا مجھ کو سمجھانے لگے ہو
میرے اس دل کو تڑپانے لگے ہو

بہاریں تب چمن سے جا چکی تھیں
تم جب میری طرف آنے لگے ہو

مجھے معلوم ہے میں جانتا ہوں
کہ تم مجھ کو بھی بہکانے لگے ہو

جب آئے ہو چلو بیٹھو کہ میرے
اگر تم ہو تو کیوں جانے لگے ہو

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

بہت سے دوست ہیں لیکن وفا میں
فقط تم مجھ کو اپنانے لگے ہو

تیری ہر بات سے میں متفق ہوں
تم یہ کس بات پہ جانے لگے ہو

مجھے معلوم ہے کیا، تم بھی گلزارؔ
میری حالت پہ پچھتانے لگے ہو

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

تم بھی کیا یہ سوچتے ہو میری حالت دیکھ کر
میں بھی خود حیران ہوں اپنی یہ عادت دیکھ کر

مجھ سے پہلے بھی کئی مجنوں تو آئے ہیں مگر
تم یہ کیوں حیران ہو میری یہ وحشت دیکھ کر

یوں جہاں میں بھی بہت سے عدل گاہیں ہیں مگر
عقل بھی دنگ ہے یہ تیری بھی عدالت دیکھ کر

جب وہ آیا وہ بہت غصّے میں تھا لیکن میری
ڈر گیا آنکھوں کی سُرخی اور شرارت دیکھ کر

یوں تو وہ ہر ایک سے خوش تھا بہت لیکن میری
کیا کہوں کس درجہ وہ خوش تھا محبت دیکھ کر

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

دشمنی انسان کی فطرت میں ہے پر کیا کہوں
میں بہت حیران ہوں اُس کی عداوت دیکھ کر

عالم انسانیت بھی خوف میں تو ہے مگر
میں بہت ہی مضطرب ہوں دل کی حالت دیکھ کر

میں ہمیشہ کی طرح خوش ہوں مگر اے زندگی
میں بہت روتا بھی ہوں تیری یہ حالت دیکھ کر

لوگ تو گلزارؔ اپنی جاں بھی دیتے ہیں مگر
میں بہت حیران ہوں تیری سخاوت دیکھ کر

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کیا شہر ہے کیسے ہیں بھلا لوگ یہاں کے
دیکھیں تو اصل میں یہ یہاں کے نہ وہاں کے

ہر اِک کو ہے خبر پر میں جانتا نہیں
لالے پڑے ہیں اب تو مجھے اپنی جاں کے

اب ہم تو ذرّے کے بھی برابر نہیں لیکن
تارے تو کبھی ہم بھی تھے اُس آسماں کے

چھپرہی سہی پر تو ہم بالکل تیری طرح
مالک ہیں جس طرح ہو تم اپنے مکاں کے

گھائل ہوا ہوں کب میں یہ مجھ کو خبر نہیں
تیر کس طرح کے ہیں یہ تمہاری کماں کے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

تم آؤ گے یہ مجھ کو یقیں تھا مگر تمہیں
کس نے کہا کہ ٹوٹے ہیں در بھی مکاں کے

پہنا ہے میں نے ایک ہی لیکن کئی سوراخ
خالی ہیں تو جھمکوں سے ابھی میرے کاں کے

اُجڑا ہے ان دنوں اگر پھر بھی بہار میں
مت پوچھ کیا کیا رنگ ہیں اس گلستاں کے

گلزارؔ بُرا ہے ہی پر وہ میری نظر میں
مالک ہے وہ اچھے سے بھی اچھے گماں کے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کس کو کس کی یہاں پہ چاہت ہے
یہ تو بس اِک طرح کی عادت ہے

کیا کہوں میں کہ کس لئے مجھ سے
میرے اپنوں کو بھی عداوت ہے

تم سنو گے مجھے تو پھر کس کو
کچھ سنانے کی کیا ضرورت ہے

ہم تو اپنے نہیں رہے لیکن
تم کو شاید تیری ضرورت ہے

میں تو اب دوست ہار بیٹھا ہوں
زندگی بھی تو اِک قیامت ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

تم اگر یوں ہی ہار بیٹھو گے
پھر تمہیں ہارے کی عادت ہے

مجھ کو منظور ہے مگر پھر بھی
یہ بتا کیا یہ تیری عادت ہے

تم تو کس حال میں بھی ہو لیکن
تم کو اپنی تو شان و شوکت ہے

کس طرح مجھ سے پیش آؤ گے
تیرے رخ پہ ابھی شرارت ہے

میں بُرا ہی سہی مگر پھر بھی
کوئی الزام مجھ پہ ہی مت ہے

معجزہ ہے کہ ایسی حالت میں
جسم و جاں تو ابھی سلامت ہے

وہ تو اچھا بھی ہے مگر اُس میں
جھوٹ بھی بولنے کی عادت ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

تم میرے گھر تو آئے ہو لیکن
یہ عنایت ہے یا سعادت ہے

جانتا ہوں کہ اُن کی محفل میں
آج کل کس کی کتنی عظمت ہے

حال اپنا بُرا تو ہے لیکن
دل کو پھر بھی کسی کی چاہت ہے

مجھ کو معلوم ہے میں جانتا ہوں
کیا وہ کہتا ہے کیا حقیقت ہے

کس کو کس کا خیال ہے گلزارؔ
اب کہاں پر کہاں کی فرصت ہے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

یہاں پر کب کسی کو کیا ملا ہے
مگر میں نے بھی کب چاہا بھی کیا ہے

دِیا دل کا تو کب کا بُجھ چکا ہے
جب یہ پیکر بھی اب سمٹا ہوا ہے

یہ چاروں اور جو یہ شور سا ہے
میرے دل کے یہ رونے کی صدا ہے

میرے اللہ، میری تنہائیوں کا
کہاں تک اور بھی یہ سلسلہ ہے

یہ کیا کم ہے کہ میری زندگی میں
کسی نے ساتھ تو میرا دیا ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

تجھے معلوم ہے پھر بھی میں کہہ دوں
کہ جو یہ زندگی ہے بےوفا ہے

یہ مت پوچھو کہ میں نے زندگی میں
تیرے غم کے سِوا کیا کیا سہا ہے

کہوں کیا میں کہ کیونکر میری جانب
یہاں حسرت سے ہر اِک دیکھتا ہے

میں غافل ہوں مگر تیرے لبوں پر
نہ کوئی آہ، نہیں کوئی دعا ہے

بہت ویران ہے میں جانتا ہوں
میرے اس گھر کا جو یہ راستا ہے

بہت مایوس ہوں جب سے وہ گلزارؔ
نظر سے دُور ہے دل سے جدا ہے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کسی سے نا سہی مجھ سے ملا کر
میں تنہا ہوں مجھے اپنا بنا کر

کوئی بھی بات ہو مجھ سے کہا کر
مجھے ہم راز تو اپنا بنا کر

کسی کی یاد میں کھونے سے گلزار
ہے بہتر یہ کہ تو خود کو پتا کر

تم اپنی خیریت جو چاہتے ہو
خدا کی راہ میں صدقہ دیا کر

کسی سے نا سہی خود سے ہی لیکن
میرے اللہ مجھے تُو آشنا کر

میں مجرم ہوں چلو مانا و لیکن
ملے گا کیا تجھے مجھ کو مٹا کر

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

تجھے معلوم ہے پھر بھی میں کہہ دوں
کہ جو یہ زندگی ہے بے وفا ہے

یہ مت پوچھو کہ میں نے زندگی میں
تیرے غم کے سِوا کیا کیا سہا ہے

کہوں کیا میں کہ کیونکر میری جانب
یہاں حسرت سے ہر اِک دیکھتا ہے

میں غافل ہوں مگر تیرے لبوں پر
نہ کوئی آہ، نہیں کوئی دعا ہے

بہت ویران ہے میں جانتا ہوں
میرے اس گھر کا جو یہ راستا ہے

بہت مایوس ہوں جب سے وہ گلزارؔ
نظر سے دُور ہے دل سے جدا ہے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کسی سے نا سہی مجھ سے ملا کر
میں تنہا ہوں مجھے اپنا بنا کر

کوئی بھی بات ہو مجھ سے کہا کر
مجھے ہم راز تو اپنا بنا کر

کسی کی یاد میں کھونے سے گلزار
ہے بہتر یہ کہ تو خود کو پتا کر

تم اپنی خیریت جو چاہتے ہو
خدا کی راہ میں صدقہ دیا کر

کسی سے نا سہی خود سے ہی لیکن
میرے اللہ مجھے تُو آشنا کر

میں مجرم ہوں چلو مانا و لیکن
ملے گا کیا تجھے مجھ کو مٹا کر

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

جہاں میں نا سہی اپنے ہی دل میں
کوئی ہلچل کوئی طوفاں بپا کر

پشیماں وہ بھی ہے مجھ سے بھی لیکن
عجب سی آگ اس دل میں لگا کر

تم بس اپنی ہی کہتے جا رہے ہو
کبھی اے دوست میری بھی سُنا کر

تم اندر سے اگر یوں جل رہے ہو
جلن اپنی نہ خود سے بھی چھپا کر

کروں کیا میں کہ اب تو میری خاطر
سنبھل جاؤں، بس اتنی سی دُعا کر

میں غم میں ڈوبتا ہی جا رہا ہوں
کسی بھی طرح سے مجھ کو بچا کر

بہت آزردہ میں بھی ہوں کہ گلزارؔ
کبھی میری طرح تو بھی ہنسا کر

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کاش مجھ کو بھی چاہتا کوئی
میری جانب بھی دیکھتا کوئی

جب کہ ہراک کو میں نے چاہا تھا
پھر بھی میرا نہ ہو سکا کوئی

کیا کہوں میں کہ میری قسمت میں
دل ہے کوئی نہ دل رُبا کوئی

یوں تو تنہا میں تھا مگر پھر بھی
ساتھ میرے سدا رہا کوئی

حال یہ ہے کہ میری حالت پر
کوئی رویا تو ہنس دیا کوئی

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

مجھ کو معلوم ہے مگر پھر بھی
تم سے اب بھی ہے واسطہ کوئی

آج تم ایسے مسکراتے ہو
جیسے تم پر ہو ہنس دیا کوئی

سچ تو یہ ہے کہ تیری محفل میں
با وفا ہے تو بے وفا کوئی

تم کہو گے تو دیکھ لوں گلزارؔ
ورنہ کب مجھ سے آملا کوئی

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کس نے کس کو یہاں پہ چاہا ہے
زندگی خود بھی ایک دھوکا ہے

مجھ کو ہر وقت تیری اُلفت نے
خود کو بھی چاہنے سے روکا ہے

وہ تو میرا نہ ہوسکا پھر بھی
عمر بھر میں نے اس کو چاہا ہے

کون ہے جو یہ مجھ کو سمجھائے
میرے اس دل میں درد سا کیا ہے

اے میرے دوست میرے چہرے پر
اس طرح تُو بھی دیکھتا کیا ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

شرم آتی ہے مجھ کو کہنے سے
دوست میرا بھی اس طرح کا ہے

اس لئے اس مکاں میں ٹھہرا تھا
میں سمجھتا تھا تیرا اپنا ہے

وہ تو نادان ہے کہ وہ مجھ سے
آج بھی اس طرح خفا سا ہے

دل گیا ہے تو کیا ہوا گلزارؔ
وہ بھی میری طرح تو تنہا ہے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

اس طرح مجھ سے روٹھ کر جانا
تم نے بھی مجھ کو کب مگر جانا

تم چلو گے مگر کہیں پر بھی
اس نئی راہ میں ٹھہر جانا

مجھ کو معلوم ہے کہ دونوں کو
شام سے قبل تو ہے گھر جانا

کب یہ جانا تھا وقت سے پہلے
تم کو جانا ہے، اب مگر جانا

زندگی تیری انتہا کو بھی
رات کے بعد کا، سحر جانا

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

میں ہوں ناداں کہ تیری الفت میں
خود کو نادار اس قدر جانا

تیری فرقت میں اپنے سائے کو
میں نے اے دوست! ہمسفر جانا

میں ہوں حیراں کہ کس طرح خود کو
جان کر بھی نہ عمر بھر جانا

آج گلزارؔ اُن کی محفل میں
دیر سے ہی سہی، مگر جانا

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کھو گئے ہو کہاں اِدھر دیکھو
دوست مجھ سے بھی بات کر دیکھو

اپنی نظریں بکھیر کر دیکھو
لوگ بے بس ہیں کس قدر دیکھو

حال اپنا ہے کیا کبھی تم بھی
بھول سے ہی سہی مگر دیکھو

اپنی نظروں کو روک لو لیکن
میری جانب تو اِک نظر دیکھو

مجھ سے ملنا تو ٹھیک ہے لیکن
آ کبھی آ کے میرا گھر دیکھو

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

زندگی کا سفر یوں ہی تنہا
کیسے کاٹو گے، ہمسفر دیکھو

یوں تو سب کچھ حسین ہے لیکن
جو بھی دیکھو گے سوچ کر دیکھو

کیا کہیں کب کہاں بچھڑ جائیں
مجھ کو چاہو نہ اس قدر دیکھو

زندگی کی اُداس راہوں میں
لوگ تنہا ہیں کس قدر دیکھو

ایک میں ہی ہوں میرے محلے میں
جو ہے آشفتہ سر اگر دیکھو

جب سے تم سے بچھڑ گیا گلزارؔ
پھر رہا ہوں میں دربدر دیکھو

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

خوشی کی بات ہے کہ مجھ کو دیکھنا چاہا
کیا سچ مچ اُس نے میرے دُکھ کو بانٹنا چاہا

سنا ہے میں نے بھی لیکن اُسے کہے کوئی
کہ اُس نے مجھ حزیں سے چاہا تو کیا چاہا

بتا کب آج تک میں نے بھی شام سے پہلے
تیری اس بزم سے گھر کو بھی لوٹنا چاہا

قبل اس کے کہ تم سے کچھ کہوں اے دوست
میں نے ہر طرح سے خود کو بھی جاننا چاہا

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

یہ کیسا درد ہے دل نے بھی تیری فرقت میں
خوشی خوشی سے میرے ساتھ جاگنا چاہا

مجھ ہی کو دیکھ کر کیوں آج میرے بارے میں
ہے میرا حال کیا ہر اِک سے پوچھنا چاہا

کوئی تو آج بھی ہے جس کے واسطے گلزارؔ
خدا سے، پوچھ مت کیا کیا نہ مانگنا چاہا

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

مت بھول کہ سر پہ تیرے اک آسماں بھی ہے
پتھر سے جیسے جسم میں نازک سی جاں بھی ہے

میرے اس دل کی آگ سے شعلوں کے ساتھ ساتھ
اُٹھتا ہے دیکھئے اگر، گہرا دُھواں بھی ہے

دل پہ ہی نہیں رُخ پہ بھی اِک گہرے گھاؤ کا
تانبے کے جیسے رنگ کا دیکھو نشاں بھی ہے

ناداں ہوں؟ کہ اس دور میں اُلفت خرید لوں
جب وقت کے لحاظ سے قیمت گراں بھی ہے

سکڑے ہوئے اس جسم میں جذبوں کے ساتھ ساتھ
پوشیدہ کسی گوشے میں اک دل جواں بھی ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

اس وقت یہاں ہے نہیں لیکن کبھی کبھی
اوروں کے ساتھ ساتھ وہ آتا یہاں بھی ہے

آنکھوں میں اشک ہی نہیں میرے حساب سے
گہرے بہاؤ کا کوئی دریا رواں بھی ہے

جاؤ گے تم کہاں کہ تمہارے شہر کے بیچ
اوروں کے ساتھ ساتھ ہمارا مکاں بھی ہے

گلزارؔ کیا کہوں میں کہ دنیائے عشق میں
دل میرا دل تو ہے ہی پر اِک ترجماں بھی ہے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

میرے اللہ یہ کیسی زندگی ہے
کیا ایسی ہی ہر اِک کو بخش دی ہے

تم جو چاہو کرو کہ پھر میں نے
دل کی بستی بسا کے رکھ دی ہے

یوں تو ہر اِک حسیں ہے لیکن
میری نظروں میں ایک تو ہی ہے

ہر طرح سے وہ ٹھیک ہے پھر بھی
مجھ کو لگتا ہے وہ فریبی ہے

میں ملوث تو ہوں مگر اے دوست
اک گواہ کی طرح تو تُو بھی ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

اِک خطا اب اگر ہوئی لیکن
عمر بھر میں نے بندگی کی ہے

وہ تو وہ ہے اگر تو میں نے بھی
اپنی ہر اِک ادا بدل دی ہے

تم چلو گے تو میں نے بھی گلزارؔ
دوستی صرف تم سے ہی کی ہے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

اس طرح خود سے بے خبر ہونا
کیا تجھے بھی ہے دربدر ہونا

تم نے تعمیر جو کیا اُس کا
کیا ضروری تھا بام و در ہونا

کب یہ ممکن ہے ایسے جیون کا
آدمی کو ہے ہم سفر ہونا

میں کہیں بھی رہوں مگر اے دوست
شرط یہ ہے کہ ہم سفر ہونا

وہ میرا ہو نہ ہو چلو پھر بھی
مجھ کو اُس کا تو ہے مگر ہونا

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

میں سمجھتا ہوں ایسی دنیا میں
چاہے کچھ ہو نہ ہو، پر گھر ہونا

جو بھی چاہو کرو کہ گلشن میں
پیڑ کا کیا ہے بے ثمر ہونا

تم کہیں بھی رہو مگر اے دوست
ہے ضروری ترا اِدھر ہونا

چاہے کچھ ہو نہ ہو مگر گلزارؔ
بہت مشکل ہے بے ہنر ہونا

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

اس طرح مجھ کو دُور سے دیکھا نہ کیجئے
میری اس زندگی سے تو کھیلا نہ کیجئے

جو کچھ بھی کہو گے مجھے منظور ہے لیکن
مجھ کو یوں سب کے سامنے رسوا نہ کیجئے

تم میرے کیا نہیں ہو مگر میرے بارے میں
اس درجہ میرے دوست یوں سوچا نہ کیجئے

کوئی بھی یہاں پر نہیں ہے ہوش میں لیکن
تم بھی کسی کی یاد میں بہکا نہ کیجئے

راہیں اس زندگی کی بہت سی ہیں تم مگر
منزل کی طرف بڑھ کے یوں بھٹکا نہ کیجئے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

میں سمجھتا ہوں ایسی دنیا میں
چاہے کچھ ہو نہ ہو، پر گھر ہونا

جو بھی چاہو کرو کہ گلشن میں
پیڑ کا کیا ہے بے ثمر ہونا

تم کہیں بھی رہو مگر اے دوست
ہے ضروری ترا اِدھر ہونا

چاہے کچھ ہو نہ ہو مگر گلزارؔ
بہت مشکل ہے بے ہنر ہونا

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

اس طرح مجھ کو دُور سے دیکھا نہ کیجئے
میری اس زندگی سے تو کھیلا نہ کیجئے

جو کچھ بھی کہو گے مجھے منظور ہے لیکن
مجھ کو یوں سب کے سامنے رسوا نہ کیجئے

تم میرے کیا نہیں ہو مگر میرے بارے میں
اس درجہ میرے دوست یوں سوچا نہ کیجئے

کوئی بھی یہاں پر نہیں ہے ہوش میں لیکن
تم بھی کسی کی یاد میں بہکا نہ کیجئے

راہیں اس زندگی کی بہت سی ہیں تم مگر
منزل کی طرف بڑھ کے یوں بھٹکا نہ کیجئے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

میں سمجھتا ہوں ایسی دنیا میں
چاہے کچھ ہو نہ ہو، پر گھر ہونا

جو بھی چاہو کرو کہ گلشن میں
پیڑ کا کیا ہے بے ثمر ہونا

تم کہیں بھی رہو مگر اے دوست
ہے ضروری ترا اِدھر ہونا

چاہے کچھ ہو نہ ہو مگر گلزارؔ
بہت مشکل ہے بے ہنر ہونا

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

اس طرح مجھ کو دُور سے دیکھا نہ کیجئے
میری اس زندگی سے تو کھیلا نہ کیجئے

جو کچھ بھی کہو گے مجھے منظور ہے لیکن
مجھ کو یوں سب کے سامنے رسوا نہ کیجئے

تم میرے کیا نہیں ہو مگر میرے بارے میں
اس درجہ میرے دوست یوں سوچا نہ کیجئے

کوئی بھی یہاں پر نہیں ہے ہوش میں لیکن
تم بھی کسی کی یاد میں بہکا نہ کیجئے

راہیں اس زندگی کی بہت سی ہیں تم مگر
منزل کی طرف بڑھ کے یوں بھٹکا نہ کیجئے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

تم میری سنو گے تو یہ ٹھیک ہے لیکن
جیسا میں کر رہا ہوں تم ویسا نہ کیجئے

میرے اس حال سے سبھی واقف تو ہیں مگر
مجھ سے کسی بھی حال میں پردا نہ کیجئے

جو کام فائدے کا ہو وہ میری نظر میں
ہر اِک کے ساتھ کیجئے تنہا نہ کیجئے

جیسا بھی ہوں میں ٹھیک ہوں گلزار مگر تم
میری کسی بھی طرح سے پروا نہ کیجئے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

زندگی تجھ سے کیا کہے کوئی
کیا زمانے میں ایسا ہے کوئی

میں زمانے سے بھاگ سکتا ہوں
خود سے پر کیا الگ رہے کوئی

کیا، کہاں پر ہوا نہیں معلوم
کون آگاہ ہے کیا کہے کوئی

شہر میں بھیڑ ہے بہت لیکن
کیا کسی سے یہاں کہے کوئی

میں اکیلا تو ہوں مگر دل میں
مجھ کو لگتا ہے آج ہے کوئی

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

میں نہیں ہوں تو کیا ہوا پھر بھی
خوش مگر کیا یہاں رہے کوئی

جب یہاں پر بھی رہ نہیں پاؤں
پھر کہاں کس جگہ رہے کوئی

تیری فرقت میں جو سہا میں نے
پھر نہ غم یوں کہیں سہے کوئی

میں نے جو آج تک سہا گلزارؔ
ایسا دُکھ درد کیا سہے کوئی

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کیا کہوں میں کہ کیا کہا اُس نے
مجھ کو حیران کردیا اُس نے

میں بہت ہی اُداس ہوں مجھ سے
ہائے جس دن سے کی وفا اُس نے

مجھ کو وہ اب بھی یاد ہے لیکن
پھر بھی مجھ کو بھُلا دیا اُس نے

وہ خفا ہے تو کیا ہوا پھر بھی
کب الگ مجھ کو کر دیا اُس نے

کیا کہوں میں کہ کس لئے مجھ سے
جو نہ کہنا تھا کہہ دیا اُس نے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

وہ جو کہتا ہے ٹھیک ہے پھر بھی
اور کیا تم سے کہہ دیا اُس نے

وہ تو وہ ہے کہ سامنے سب کے
مجھ سے سب کچھ بتا دیا اُس نے

آج پھر مجھ کو دیکھ کر مجھ سے
وہ ملا پر نہ کچھ کہا اُس نے

کیا نہ کچھ میں نے سہہ لیا گلزارؔ
جب سے مجھ سے گلہ کیا اُس نے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

وہ اپنا ہے کہ کوئی اجنبی ہے
مجھے آخر یہ کس سے دوستی ہے

میں اپنے آپ سے یہ کھیلتا ہوں
تجھے یہ زندگی جو سونپ دی ہے

دوست تم سے میں کیا کہوں میری
زندگی تو ویران اب بھی ہے

تم اگر دوست بن نہ پاؤ گے
دشمنی مجھ سے ہو تو سکتی ہے

تم چلو گے تو ٹھیک ہے لیکن
میں نے توبہ تو آج ہی کی ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

زندگی کی اُجاڑ راہوں میں
ساتھ کس نے بہار رکھ دی ہے

یوں تو میرے قریب تھا وہ بھی
بزم میں بات گر نہیں کی ہے

اس طرح سے بھی دیکھئے گلزارؔ
میں نے خود سے بھی دشمنی کی ہے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

تم نہیں ہو تو زندگی کیا ہے
پھر کسی سے یہ دوستی کیا ہے

کیا کہوں میں کہ روشنی کیا ہے
اور شب کی یہ تیرگی کیا ہے

تم بڑے ہو تو پھر تیرے آگے
میری عزت کی بات ہی کیا ہے

تم حسیں ہو یہ ٹھیک ہے لیکن
پھر یہ اُوپر سے سادگی کیا ہے

میں اکیلا تو ہوں مگر تیرے
گھر میں یہ آج بے بسی کیا ہے

تم بہت ہی اُداس ہو گلزارؔ
ورنہ تیری یہ شاعری کیا ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کیا مجھ پہ گزرتی ہے فقط جانتا ہوں میں
یوں تو تمہارے ساتھ اگر جی رہا ہوں میں

کتنے ہی لوگ آج تک مجھ سے ملے مگر
خود سے بھی میرے دوست تجھے چاہتا ہوں میں

اس میرے صحن میں بھی پرندوں کا اِک ہجوم
ہر روز دیکھتا ہوں کہ جب جاگتا ہوں میں

تم میرے ہو نہ ہو مگر میرے خیال میں
دنیا جو سمجھتی ہے وہ سب جانتا ہوں میں

اوروں کے لئے بھی تو مسرت ہے مگر میں
ناکردہ گناہوں کا بھی اپنی سزا ہوں میں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

اوروں کے ساتھ اس طرح مل جُل کے بہکنا
آخر یہ تیری بزم میں کیا دیکھتا ہوں میں

مجرم تو میں ضرور ہوں پھر بھی میرے خدا
کس وقت نہیں تجھ سے دُعا مانگتا ہوں میں

تم تو حسین ہو مگر پھر بھی کسی طرح
تم سا حسین تو یہاں شاید ذرا ہوں میں

اوروں کا حال دیکھ کر دیکھو کہ کس قدر
گلزارؔ کس طرح سے نہیں پھر بھلا ہوں میں

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

نہ اُلفت ہی کسی سے ہے نہ دوستانہ ہے
یوں تو کہنے کو میرے ساتھ اِک زمانہ ہے

میں پاگل ہوں نہیں پر قیس جیسوں کی مانند
میرا مزاج بھی بچپن سے عاشقانہ ہے

شہر میں رہ کے بھی دُور کہیں صحرا میں
'وفا' کے نام کا میرا بھی اِک ٹھکانہ ہے

میں زندہ ہوں مگر اے دوست یہ تو جینے کا
تیری اس زیست کی نسبت حسیں بہانہ ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

کہا جو آپ نے سچ ہے مگر اے دوست
کوئی جب غور سے دیکھے تو یہ فسانہ ہے

کہوں کیا میں کہ جب اس تیری دنیا میں
میرا یہ دِل ہی ہر اِک درد کا ٹھکانہ ہے

کبھی آباد جو گلشن میں تھا کہیں گلزارؔ
میرے خیال میں یہ تو وہی ٹھکانہ ہے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

جہاں تک ہو سکے سہتے رہیں گے
تیرے طعنے مگر سنتے رہیں گے

میرے اے دوست اس فرقت میں تیری
یوں ہی کیا روز و شب بیتے رہیں گے

اگر میں ہار بھی جاتا ہوں لیکن
کہاں تک اور وہ جیتے رہیں گے

کچھ ایسا جام بھی مت دے کہ ساقی
ہم یوں ہی روز و شب پیتے رہیں گے

تو جتنا دے ہمیں حق ہے کہ ہم بھی
کھُلے دل سے یوں ہی لیتے رہیں گے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

میں مجنوں ہوں مگر پاؤں میں میرے
کہاں تک خار یوں چبھتے رہیں گے

ہمیں معلوم ہے پھر بھی وفا میں
ہم سب کچھ سہہ کے بھی ہنستے رہیں گے

یہ دریا ہیں، نہیں جوہڑ ہیں گلزارؔ
یہ سوکھیں بھی اگر، بہتے رہیں گے

یہاں دُکھ درد ہی سب کچھ ہے گلزارؔ
سہا جو ہم نے بھی سہتے رہیں گے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

جو کچھ بھی میں نے آج تک چاہا ملا نہیں
صد شکر ہے کہ پھر بھی کسی سے گلہ نہیں

اُس دل سے کیا کہیں جو محبت کی آڑ میں
مجھ سے اگر ملا بھی کبھی پر ملا نہیں

یوں تو وہ میرے حق میں تھا لیکن کبھی کبھی
مجھ کو تو یوں لگا کہ وہ اپنا بھی تھا نہیں

افسردہ اب میں ہوں اگر پہلے تو تھا نہیں
ویسے بھی مجھ کو ٹھیک سے تو جانتا نہیں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

تم تھے تو میرے ساتھ جہاں بھر کے لوگ تھے
لیکن میں اب کہاں ہوں مجھے کچھ پتا نہیں

تم بھی تو کیا کرو گے تمہارے بغیر بھی
اتنا بڑا جہاں ہے جو یہ سوچتا نہیں

تم ہی تو ایک شخص ہو گلزار کیا تمہیں
معلوم ہے کہ اب وہ ہمیں چاہتا نہیں

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کیوں نہ خود ہی میں دیکھ کر آؤں
دل کو کب تک میں یوں ہی سمجھاؤں

کس کو فرصت ہے کس کو سمجھاؤں
کیوں نہ خود ہی میں اب بدل جاؤں

خط تو حاضر ہے اب مگر کس کے
ہاتھ، اس بار پھر میں بھجواؤں

کب یہ ممکن ہے تیری اُلفت میں
زندگی پھر سے میں سنبھل جاؤں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

میں بہت ہی اُداس ہوں پھر بھی
تم ہنسو گے تو میں بھی مُسکاؤں

چل پڑا ہوں کہاں نہیں معلوم
ہاں مگر شب کو لوٹ کر آؤں

آج کس دل سے آپ کو گلزارؔ
بعد مدت کے چھوڑ کر جاؤں

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

میں بے بس ہوں مگر اتنا نہیں ہوں
مجھے چاہو تو پھر میں کیا نہیں ہوں

اگر اے دوست میں تم سا نہیں ہوں
بُرا کچھ میں بھی تو دِکھتا نہیں ہوں

تم یہ کس کو پکارے جارہے ہو
کیا میں بھی ان دنوں تنہا نہیں ہوں

نظر لگ جائے نہ مجھ کو کہیں پر
میں ٹوپی سر پہ تو رکھتا نہیں ہوں

کہاں ہے کس جگہ ہے کس کو معلوم
میں قاصد سے بھی اب ملتا نہیں ہوں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

میں اپنے آپ سے واقف ہوں پھر بھی
خبر خود کی تو میں رکھتا نہیں ہوں

تم یہ کیا مجھ کو سمجھانے لگے ہو
کیا میں گھر سے کبھی نکلا نہیں ہوں

میرے بھی ہاتھ پاؤں ہیں تو پھر بھی
سمجھتا ہے کہ میں تم سا نہیں ہوں

بہت تنگ آچکا ہوں میں بھی گلزارؔ
میں جیسا تھا کہ اب ویسا نہیں ہوں

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

تمہیں اب بھی بہت میں چاہتا ہوں
ہوا کیا میں اگر تم سے جدا ہوں

کہیں بھی تم رہو لیکن میں تم سے
یہی کہہ دوں کہ میں تم پر فدا ہوں

میرے اللہ مجھے آنکھیں تو دی ہیں
مگر یہ کیا یہاں میں دیکھتا ہوں

چلو مانا کہ اب میں بے وفا ہوں
تیرے غم سے میں پھر بھی آشنا ہوں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

زمانہ مجھ کو چاہے گا مگر میں
زمانے سے الگ تو جی رہا ہوں

میں ناداں ہوں کہ اب بھی تیری خاطر
زمانے سے میں کیا کیا چاہتا ہوں

میں اتنی بھیڑ میں رہ کر بھی گلزارؔ
کسی سے تو نہیں خود سے خفا ہوں

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

تمہیں اب بھی بہت میں چاہتا ہوں
ہوا کیا میں اگر تم سے جدا ہوں

کہیں بھی تم رہو لیکن میں تم سے
یہی کہہ دوں کہ میں تم پر فدا ہوں

میرے اللہ مجھے آنکھیں تو دی ہیں
مگر یہ کیا یہاں میں دیکھتا ہوں

چلو مانا کہ اب میں بے وفا ہوں
تیرے غم سے میں پھر بھی آشنا ہوں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

زمانہ مجھ کو چاہے گا مگر میں
زمانے سے الگ تو جی رہا ہوں

میں ناداں ہوں کہ اب بھی تیری خاطر
زمانے سے میں کیا کیا چاہتا ہوں

میں اتنی بھیڑ میں رہ کر بھی گلزارؔ
کسی سے تو نہیں خود سے خفا ہوں

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کوئی کیا ہر کوئی مجھ سے خفا ہے
کہوں کیا میں کہ میری کیا خطا ہے

میرے اے دوست کیا تم کو پتا ہے
مگر ویسے تو میں نے بھی سنا ہے

میں تنہا ہوں مگر اتنا میں کہہ دوں
میرے ہمراہ کوئی تو ہے، پتا ہے

میں چھوٹا ہی سہی تم سے ہوں لیکن
کہاں تم میں یہ مجھ جیسی وفا ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

میں چلتا ہوں تو ہر اِک میری جانب
خبر کیا ہے کہ کیوں کر دیکھتا ہے

بہت ہی خوب صورت ہے وہ پھر بھی
سمجھتا ہے ہر اِک مجھ سے بھلا ہے

تم یہ کس شہر سے آئے ہو گلزارؔ
یہاں کا حال بھی اُس سے بڑا ہے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کسی سے نا سہی مجھ سے وفا کر
خدا کی راہ میں کچھ تو دیا کر

ہمیشہ یوں ہی بولے جا رہے ہو
کبھی اے دوست میری بھی سنا کر

میں شاعر ہوں نہیں پھر بھی کسی دن
میری یہ شاعری مجھ سے سنا کر

تم میرے ہو چلو میں مانتا ہوں
مگر مجھ کو نہ مجھ سے بھی جدا کر

بہت بے چین میں بھی ہوں مگر تم
کہاں سو پاؤ گے مجھ کو بھلا کر

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

جب ایسی بات ہوتی ہو تو پھر تم
کرو گے کیا کسی سے دل لگا کر

جو تم بے کار بیٹھے ہو تو پھر بھی
جو یہ دیوار گھر کے ہیں، سجا کر

اُٹھو پھر سے چلو یوں زندگی میں
ملا ہے کیا تجھے آنسو بہا کر

سہا جو آج تک تم نے بھی گلزارؔ
مجھے معلوم ہے مجھ سے سنا کر

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کسی کو بھی نہ یوں مجبور کر دے
جسے چاہو اُسی سے دُور کر دے

اگر تم بھی یہی کچھ چاہتے ہو
میری آنکھوں کو پھر بے نور کر دے

میری خواہش کو ہی تم میری خاطر
کہیں پربت کہیں پر طور کر دے

میں بے بس ہوں میری اس بے بسی پر
میرے اللہ مجھے مشہور کر دے

میں اپنے آپ کو بھی بھول جاؤں
کسی کو بھی نہ یوں مغرور کر دے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

بہت رنجیدہ میں بھی ہوں مگر تم
کہاں تک اور بھی رنجور کردے

مجھے اُمید ہے وہ میری خاطر
میری عرضی کو بھی منظور کردے

مجھے اس بات کا ڈر ہے کہ وہ بھی
کہیں مجھ کو نہ مجھ سے دُور کردے

تم چاہو گے اگر تو میں بھی گلزارؔ
وہی چاہوں جو تُو منظور کردے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کہوں کیا میں کہ میں شرما رہا ہوں
میں اپنا ہوں، نہیں میں آپ کا ہوں

تم جن کی بات کرتے ہو وہ میرے
شہر کے لوگ ہیں میں جانتا ہوں

یہ تو خود بھی نہیں میں جانتا ہوں
میں یہ کیا آج خود سے چاہتا ہوں

نہ میں نازک کسی گل کی طرح ہوں
نہ میں تیری طرح دیوار سا ہوں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

کہاں ہوں کس جگہ ہوں کس کی خاطر
کہ میں اب خود سے بھی نا آشنا ہوں

کہیں میں جب بھی جاتا ہوں تو خود بھی
پتا گھر کا ہر اِک سے پوچھتا ہوں

یہی میں تم سے بھی کہتا ہوں گلزارؔ
کہ میں تم سے نہیں خود سے خفا ہوں

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

ہمیں اپنی نہ دُنیا کی خبر ہے
عجب اس زندگی کا بھی سفر ہے

میرے مالک تیرے ہوتے ہوئے بھی
بہت سنسان میرا تو یہ گھر ہے

سمجھتا ہی نہیں ہوں کس کی خاطر
میرا یہ دل پشیماں اس قدر ہے

ہمیں لگتا ہے اب اس زندگی کا
بہت مشکل یہ آگے کا سفر ہے

بہت ہی خوش طبیعت ہے وہ لیکن
زمانے میں الگ سب سے مگر ہے

مجھے معلوم کیا میرے بھی گھر میں
کسی کے آج آنے کی خبر ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

میرے لب پہ ہنسی تو ہے مگر دل
اگر دیکھیں لہو سے تربتر ہے

اگر کل تک وہ ہنستا تھا مگر اب
پشیماں آج اپنے حال پر ہے

کہوں کیا میں کہ میری زندگی میں
نہ کوئی دوست ہے نہ چارہ گر ہے

جہاں تیری سکونت ہے وہیں پر
بِنا دیوار و در کے میرا گھر ہے

میں یہ بھی جانتا ہوں میری خاطر
وہ اپنے آپ سے بھی بے خبر ہے

تم کہتے ہو مگر تیرے شہر میں
کوئی کیا ہر کوئی آشفتہ سر ہے

کسی پہ ہو نہ ہو پر تم پہ گلزارؔ
یہ دھندلی ہی سہی پر تو نظر ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کس کو کس کی یہاں پہ پروا ہے
ہائے کیسی یہ میری دنیا ہے

جب یہ آغاز زندگی کا ہے
کیا کہیں پھر تو انتہا کیا ہے

اس طرح تم بھی میرے چہرے پر
دوست میرے یوں دیکھتا کیا ہے

مجھ سے پوچھو کہ مجھ کو ہے معلوم
آدمی وہ بھی کس طرح کا ہے

بعض اوقات دیکھ کر مجھ کو
ہر کوئی مجھ پہ مُسکراتا ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

اس طرح زندگی سے تنگ آ کر
کون اوروں پہ یوں بگڑتا ہے

یوں تو آسان ہے مگر پھر بھی
درد یہ بھی تو عمر بھر کا ہے

لوگ کیسے بھی ہوں مگر تیرے
شہر میں رسم تو ہنسی کا ہے

کیا کہوں میں کہ کس لئے گلزارؔ
آج بھی مجھ سے وہ خفا سا ہے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

بہت مشکل بھی ہے آسان بھی ہے
میرے اللہ یہ کیسی زندگی ہے

ہوا بھی سوچ کر کچھ تھم گئی ہے
فضا میں سانس جب میں نے بھی لی ہے

یہ شاید ایک میں ہی ہوں کہ جس کے
لبوں پہ آہ، آنکھوں میں نمی ہے

میں تنہا تھا نہیں لیکن تو مجھ سے
میری اے زندگی جب سے گئی ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

تجھے معلوم کیا، میں جانتا ہوں
میرا دشمن میری یہ بے بسی ہے

میرے اللہ میری اس زندگی میں
کسی کا ہی سہی پر ساتھ بھی ہے

چلو اچھا ہوا تم نے بھی گلزارؔ
کسی سے دوستی آخر تو کی ہے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

سوچتا ہوں کہ تیری اُلفت میں
کیا پتا کیا ہے میری قسمت میں

روز کہتے تو ہو مگر پھر بھی
یہ بتا کب ملو گے فرصت میں

مہر و مہ کی طرح میں ظاہر ہوں
تم ہو گم اپنی شان و شوکت میں

جانتا تھا کہ اس طرح تم بھی
ہار جاؤ گے ایسی صورت میں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

اتنی مدت کے بعد بھی اے دوست
میں پشیماں ہوں تیری فرقت میں

کس لئے میں بھی ہاتھ پھیلاؤں
لوگ گر ہیں کسی ضرورت میں

لوگ کہتے ہیں آج بھی گلزارؔ
تم سے زیادہ ہوں خوب صورت میں

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

مجھے معلوم ہے کیا، ہے بھلا کیا
مگر ویسے بھی میری ہے خطا کیا

ہے میرے پاس اِک دل کے سوا کیا
بتا تو ہی کہ پھر میں بانٹتا کیا

جب اپنے آپ سے میں مطمئن ہوں
تیری جانب بھلا میں دیکھتا کیا

میں کن حالات میں ہوں کیا بتاؤں
تم کیسے ہو؟ میں تم سے پوچھتا کیا

کسی کی یاد میں کھونے سے پہلے
کہاں معلوم تھا مجھ کو ہوا کیا

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

میں تنہا ہوں مجھے اب میری خاطر
کہیں پر کیا کوئی پھر چاہتا کیا

میری مانو چلو میری طرف سے
جہاں سے پوچھ لیں ہم نے کیا کیا

پھٹی تو ہے مگر یہ میرے تن پر
کیا پچتی ہے نہیں میری قبا کیا

تم ٹھہرو گے کہاں جب اس شہر میں
میرے حق میں ہیں کہتے لوگ کیا کیا

تیرے ہوتے ہوئے میرے شہر میں
سنا ہے میں نے بھی لیکن ہوا کیا

تم دیکھو گے نہیں تو میں بھی گلزارؔ
رہوں کیا عمر بھر تم سے جدا کیا

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

اب مگر کون مجھ کو چاہے گا
اپنی قسمت کو آزمائے گا

اس طرح مجھ کو دیکھنے والو
وقت تم کو بھی آزمائے گا

بھیڑ کتنی بھی ہو مگر مجھ کو
وہ کہیں پر نظر تو آئے گا

میں سمجھتا ہوں تیری فرقت میں
اب کہیں دل بھی ٹوٹ جائے گا

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

ہاتھ میرے تو جل گئے پھر بھی
دل یہ کوئی بجھا نہ پائے گا

تم کہو گے تو ٹھیک ہے ورنہ
اُس کی دعوت پہ کون جائے گا

میں خفا ہوں تو کیا ہوا گلزارؔ
وہ بھی کیا مجھ سے روٹھ جائے گا

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کوئی میری سمجھتا ہی نہیں ہے
میری بولی کیا تم جیسی نہیں ہے

میں اپنی بے بسی پر رو رہا ہوں
میری پروا کسی نے کی نہیں ہے

جہاں میں اور بھی ہوں گے ولیکن
مجھے اپنی خبر تک بھی نہیں ہے

کہا کب میں نے یہ اچھی نہیں ہے
مگر یہ زندگی ویسی نہیں ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

کہاں معلوم ہے مجھ کو کہ مجھ سے
کسی نے تو وفا کی ہی نہیں ہے

میں اپنے آپ پہ نازاں ہوں پھر بھی
میری صورت تیری جیسی نہیں ہے

میری قسمت بھی تو اچھی ہے گلزارؔ
ہنسی لیکن کبھی دیکھی نہیں ہے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

زندگی خود بھی اِک قیامت ہے
کون ہے جو یہاں سلامت ہے

تم نہ آؤ گے ٹھیک ہے لیکن
مجھ کو بھی اب کہاں وہ فرصت ہے

بات کیا ہے نہ پوچھئے پھر بھی
کیا کہوں کس کو کیا عداوت ہے

میں تو بدنام ہوں مگر میرے
شہر میں میری کوئی شہرت ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

اب یہ لگتا ہے تیری محفل بھی
کوئی صحرا ہے کوئی خلوت ہے

کوئی کچھ بھی کہے مگر میرے
شہر والوں کو میری چاہت ہے

تم کہیں بھی رہو مگر گلزارؔ
کیا کہوں میں کہ مجھ کو اُلفت ہے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

اب یہ دِل بھی کہیں نہیں لگتا
جو کبھی مجھ کو تھا حسیں لگتا

کیا کہوں میں کہ میری بستی میں
دل کسی کا کہیں نہیں لگتا

چھوڑیئے ایسے ویسے لوگوں کو
کاش اپنا کوئی کہیں لگتا

میں اکیلا تو ہوں مگر پھر بھی
کوئی ہے جو ہے دل نشیں لگتا

تم کو خواہش ہے سیر کرنے کی
میری خواہش ہے جی یہیں لگتا

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

اس ہنسی اور خوشی کے چکر میں
ہر کوئی شخص ہے حزیں لگتا

ایک مدت سے دیکھتا ہوں میں
کوئی اپنا میرا نہیں لگتا

تم کہیں بھی کہو، میں آجاؤں
دل کہیں بھی مگر نہیں لگتا

جھونپڑی میں وہ رہ کے بھی گلزارؔ
کس مکاں کا نہیں مکیں لگتا

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

آج کے بعد کچھ نہ چاہوں گا
حال اپنا ہے کیا، چھپاؤں گا

تم مُکر جاؤ گے مگر میں بھی
یاد تم کو سدا دلاؤں گا

سوچتا ہوں کہ نقش پا اپنے
تیری ہر راہ سے مٹاؤں گا

جس قدر تم مجھے ستاؤ گے
زندگی، میں تجھے ستاؤں گا

آج کے بعد جب بھی فرصت ہو
میں یقیناً تمہیں بلاؤں گا

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

کس کو فرصت ہے کس لئے تیری
زندگی میں خیر چاہوں گا

ایک دن دیکھ واسطے تیرے
دل ہے کیا جان بھی لٹاؤں گا

تم کہو گے تو ہر خوشی اپنی
تیرے قدموں پہ لاکے رکھ دوں گا

جانتا تھا کہ ایک دن گلزارؔ
جان سے بھی تجھے میں چاہوں گا

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

یہ جھوٹ ہے کہ وہ بھی مجھے جانتا نہیں
کیا وقت ہے کہ خود کو بھی پہچانتا نہیں

آغاز سے انجام تک مجبور ہے لیکن
انسان خدا سے بھی تو کچھ مانگتا نہیں

کیا بات ہے کہ ایک وہی ہے جو اِن دنوں
میری طرف تو بھول سے بھی دیکھتا نہیں

تم کیا ہو کیا نہیں ہو یہ معلوم ہے لیکن
دل ہے کہ تیرے بارے میں کچھ جانتا نہیں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

حیران اس لئے ہوں کہ میرے مکاں میں
میرے سِوا تو کوئی مجھے جانتا نہیں

جس نے بھی جو کہا وہ میں نے ادب کے ساتھ
تسلیم کیا، دل یہ مگر مانتا نہیں

گلزارؔ تم کو فکر تو اوروں کی ہے لیکن
اپنے لئے تو کچھ بھی کبھی مانگتا نہیں

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

اسی اک بات پہ تم پر فدا ہوں
بِنا تیرے میں کس کو جانتا ہوں

کہاں جاؤں کس سے پوچھوں کہ خود میں
کہاں یہ جانتا ہوں کس جگہ ہوں

یوں میں ہر اِک کو اپنا مانتا ہوں
اگر پوچھو تو سچ میں آپ کا ہوں

کسی کے واسطے خود سے خفا ہوں
وگرنہ تم سے میں خود پہ فدا ہوں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

تم کہتے ہو چلو تیرے کہے پر
میں اپنی ذات کو بھی بھولتا ہوں

نہ پوچھو میں کہ ایسی زندگی سے
کہوں کیا میں بہت اُکتا گیا ہوں

کہوں کیا میں کہ خود میں آج گلزارؔ
اس اپنے حال سے نا آشنا ہوں

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

مجھ سے کچھ بھی نہ پوچھیئے اے دوست
تم کو جانا ہے جائیے اے دوست

سال ہا سال سے میں تنہا ہوں
اِک نظر آکے دیکھئے اے دوست

جس طرح تم نے خود کو سمجھا ہے
مجھ کو بھی یوں ہی جانئے اے دوست

میں نے بھی گھر میں آپ کی خاطر
کیا رکھا ہے کہ دیکھئے اے دوست

ایک مدت سے میں اگر چپ ہوں
آج کچھ تم ہی بولئے اے دوست

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

میرے گھر کا ہر ایک دروازہ
ہے کھلا پر تو آئیے اے دوست

میں تو خود تم سے خوب واقف ہوں
تم نہ قسمیں یوں کھائیے اے دوست

کس کو رونے سے کیا ہوا حاصل
مجھ کو ہی آج دیکھئے اے دوست

مجھ سے ہر ایک دُور ہے گلزارؔ
تم بھی مجھ کو نہ بھولئے اے دوست

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

زندگی کی اُداس راہوں میں
اب نہ خود کو بھی جانتا ہوں میں

جس طرح سے یہ مہرو مہ اے دوست
آپ سے یوں بچھڑ گیا ہوں میں

کس کو معلوم ہے کسے پوچھوں
اس طرح سے اُداس کیوں ہوں میں

زندگی یوں تو کٹ گئی پھر بھی
اب بھی تیری طرح جواں ہوں میں

تم تو پھر بھی سمجھ نہ پاؤ گے
چاہے تم کو مثال بھی دوں میں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

مجھ کو معلوم ہے میں جانتا ہوں
آج وہ ہے کہاں، کہاں ہوں میں

کیا یوں ہی عمر بھر تیری خاطر
گیت اُلفت کے روز گا لوں میں

تم کہو گے تو آج بھی گلزارؔ
تیرے الزام اپنے سر لوں میں

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

جو کچھ بھی آج تک کیا سوچ کر کیا
اس اپنے دل کو بھی تباہ میں نے اگر کیا

دنیا سے بھی الگ کہیں صحرا کی دھوپ میں
تنہا ہی سہی میں نے سفر عمر بھر کیا

میں کیا کہوں کہ تم نے بھی کس کس انداز سے
میرے اس دل کو عشق میں یوں دربدر کیا

کیا میں بھی ہوں کہ میں نے زمانے کو چھوڑ کر
خود سے بھی عشق گر کیا تو سوچ کر کیا

حیران اس لئے ہوں کہ تم سے بچھڑ کے میں
تنہا ہی پھرا دل کو نہ تنہا مگر کیا

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

قدرت کے نظاروں سے بھی اُلفت تو ہے لیکن
تیرا نظارہ جب بھی کیا آنکھ بھر کیا

ناداریوں تو میں بھی ہوں لیکن کبھی کبھی
حیراں ہر اِک شخص کو میں نے مگر کیا

کیا کیا نہ سہا میں نے بھی لیکن اے زندگی
تم کو نہ مگر میں نے کبھی باخبر کیا

گلزارؔ میں چپ ہی رہا کرتا ہوں و لیکن
جب بھی کوئی سخن کیا تو بااثر کیا

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

مجھے تم ڈھونڈ لاؤ گے کہاں سے
میں بچھڑا ہوں جہاں کارواں سے

بہت ہی خوش طبیعت ہوں میں لیکن
ہوا کیا گر میں کڑوا ہوں زباں سے

میں تیرے واسطے چُپ ہوں کہ تم کو
سزا ہو جائے نہ میرے بیاں سے

پرائے تو پرائے ہیں کہ میرے
جو اپنے ہیں وہ بھی ہیں بدگماں سے

ہوئی ہے شام اب کیسے میں جاؤں
بہت ہی دُور ہوں میں آشیاں سے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

میں کیا ہوں کیا نہیں ہوں تم سے لیکن
کہا کس نے میں ہوں کس خانداں سے

اگر تم دے نہ پاؤ گے تو پھر میں
اے بادل! بارشیں لوں آسماں سے

مجھے تم اس طرح کیوں دیکھتے ہو
میں نکلا تو نہیں ہوں داستاں سے

پھرو گے تم کہاں تک یوں ہی تنہا
تمہیں نفرت ہے کیوں خود سے، جہاں سے

جہاں نے تب بھی مجھ سے دشمنی کی
جب میں ہٹ بھی گیا تھا درمیاں سے

میں پہلے ہی سے واقف تھا کہ گلزارؔ
میں کہہ دوں کچھ تو کچھ نکلے زباں سے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

یہاں ایک میں ہی نہیں دوستو
کئی اور بھی ہیں حزیں دوستو

کہاں علم تھا بھول جاؤ گے تم
مجھے آپ پر تھا یقیں دوستو

مجھے دیکھ کر یوں نہ حیران ہو
کہ ہے بس نیا آستیں دوستو

کہاں سے مجھے ڈھونڈ لاؤ گے تم
کہیں تھا تو اب ہوں کہیں دوستو

یوں تیری طرح میں بھی انسان ہوں
کرو آج مجھ پہ یقیں دوستو

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

تم ایسے بھی ہو تم کو میری طرف
ہے اس بات پر آفریں دوستو

اگر خود سے میں خوش نہیں ہوں مگر،
تیرے دل میں ہوں دلنشیں دوستو

تمہیں کیا خبر ہے کہ میرے لئے
ہے گلزارؔ کیا کچھ نہیں دوستو

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

تمہیں شاید کہیں دھوکا ہوا ہے
کسی نے یا تمہیں بہکا دیا ہے

جو تم چاہو تو اپنی جاں بھی دوں
بھلا یہ دِل میرا کس کام کا ہے

مجھے تم سے محبت ہے مگر میں
کروں کیا، دل یہ ٹھکرایا ہوا ہے

کہیں پر بھی کسی سائے میں رہ کر
کوئی کیا گھر کو جانا چھوڑتا ہے

وہ ناداں ہے کہیں جانے سے پہلے
ہے جس کا ڈر اُسی سے پوچھتا ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

تم جس کی بات کرتے ہو وہ میرے
شہر کی دُھوپ ہے شب کا دِیا ہے

بہت آزردہ میں بھی ہوں مگر وہ
نہ جانے کس لئے خود سے خفا ہے

یہ سردی کا مہینہ ہے کہ اس میں
مزا کچھ اور ہی بس چائے کا ہے

کہاں سے ڈھونڈ کے لاؤں میں گلزارؔ
مگر ویسے بھی یہ کس کام کا ہے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection Digitization by eGangotri

❖

اس طرح مجھ کو چھوڑ کر جانا
تم نے اُلفت کو کب مگر جانا

میں ہوں ناداں کہ اس طرح تیرے
گھر کو بھی میں نے اپنا گھر جانا

بھول جاؤ گے ایک دن تم بھی
شام سے قبل روز گھر جانا

تم یہاں پر بھی ٹھہر سکتے ہو
کیا ضروری ہے روز گھر جانا

کون ہے جو یہ مجھ کو سمجھا دے
زیست کے بعد ہے کدھر جانا

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

کیا خبر تھی کہ اس اندھیرے میں
اب ہے مجھ کو بھی چاند پر جانا

شام کے وقت کی طرح میں نے
زندگی کو بھی مختصر جانا

پھول جیسے حسین چہرے پر
میری نظروں کا وہ ٹھہر جانا

اب یہ عالم کہ میری دنیا میں
ہے کٹھن آپ کا ٹھہر جانا

کیا کہوں میں کہ میری قسمت میں
جو بھی تھا میں نے وقت پر جانا

کون کس اوج پر بھی ہو گلزارؔ
وقت آنے پہ ہے اُتر جانا

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

تم یہ مجھ کو سمجھانے لگے ہو
کیا مجھ سے دور اب جانے لگے ہو

یہاں پہ حادثے ہی حادثے ہیں
تم کس پہ آج پچھتانے لگے ہو

نظر لگ جائے نہ تم کو کہیں پر
کہ تم مجھ کو بھی انجانے لگے ہو

تم میرے دوست تو ہو ہی مگر تم
میرا سر آج کیوں کھانے لگے ہو

کیا یہ سچ ہے کہیں جانے سے پہلے
ہمیں تم یاد فرمانے لگے ہو

مجھے معلوم ہے تم میری خاطر
میرے گھر کو بھی مہکانے لگے ہو

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

یہ میں ہی جانتا ہوں میرے اُوپر
ہے گزری کیا جو تم جانے لگے ہو

میرے تو ایک تم ہی ہو کہ تم بھی
یوں شاید مجھ کو بہکانے لگے ہو

تم اوروں کے لئے کیا ہو مگر تم
میری ہستی پہ بھی چھانے لگے ہو

جہاں میں ہوں وہاں کچھ فاصلے پر
تم بھی آخر تو بس جانے لگے ہو

جو تم کو مجھ سے اُلفت ہے تو گلزارؔ
کہاں لاکر مجھے جانے لگے ہو

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

جہاں بھی رہو خوش رہو دوستو
مگر مجھ کو بھی لے چلو دوستو

کہیں کوئی تم سے نہ ناراض ہو
بس یہ بات دل میں رکھو دوستو

ہنسو خوب مجھ پہ مگر آج تُم
ذرا خود کو بھی دیکھ لو دوستو

قیامت سے پہلے قیامت ہوئی
ہوئے جب کبھی رو بہ رو دوستو

تمہیں کس لئے مجھ پہ افسوس ہو
کبھی خود سے بھی جاملو دوستو

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

میں یہ سوچتا ہوں میری بات پر
خفا کوئی مجھ سے نہ ہو دوستو

زمانے کو لیکن نہیں ہے خبر
مگر تم میرے دوست ہو دوستو

چلو آج تم ہی میرے واسطے
کروں کیا، ذرا سوچ لو دوستو

زمانے سے واقف نہیں ہوں مگر
نہ تم بھی نظر پھیر لو دوستو

جہاں بھی کہو گے میں مجبور ہوں
مگر ہاتھ تھامے چلو دوستو

اگر خار ہوں مجھ کو گلزار سے
کہیں کاٹ کر پھینک دو دوستو

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

دیگر مطبوعات

۱۔ سایہ دھوپ کا ۲۰۰۷ء

۲۔ لمحے اندھیروں کے ۲۰۱۱ء

۳۔ دریچہ ۲۰۱۸ء

۴۔ منظر سیاہ آسمانوں کا ۲۰۲۱ء

۵۔ رخت سفر ۲۰۲۲ء

۶۔ گماں سے آگے ۲۰۲۳ء

۷۔ دشتِ امکاں ۲۰۲۵ء

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

Dasht-e-Imkaan

Poetry Collection

By:

Sheikh Gulzar

شیخ گلزار روایت پسند شاعر ہونے کے باوجود شعر و ادب کی نئی آب و ہوا کے ماحول میں تاثر قائم کرنے میں کامیاب ہوئے ہیں۔ ان کے شعری گلدستوں میں گل و بُلبُل، شمع و پروانہ، اور حسن و عشق جیسے موضوعات آج بھی زندہ و تابندہ ہیں اور وہ بھی نئے احساس پیراہن میں۔ آپ کا مطالعہ نہایت ہی وسیع و عمیق ہے۔ جس میں ایک باحس و باذوق تخلیق کا پرتو نظر آرہا ہے اور شاید اسی بُنیاد پر ان کے شعری جزیروں میں ایک نئی شُگفتگی اور تازگی کا احساس جابہ جا ملتا ہے۔ جس میں ان کا اپنا منفرد لب و لہجہ ہے اور جس میں تسلسل اور روانی بخوب دیکھی جاسکتی ہے۔ اگرچہ ان کے یہاں زندگی کی ناہمواریوں، ناکامیوں اور پائمالیوں پر بھی کئی اشعار جلوہ نما ہیں پر ساتھ میں وہاں بھی ایک مقدار و تناسب دیکھنے کے لائق ہے۔ ان کے یہاں ہلکے پھلکے الفاظ میں تجربات و احساسات کی تازہ کاری کے نمونے بدرجہ اتم پائے جاتے ہیں اور اس تجسیم کاری میں وہ کہیں پر بھی یاس و حرماں کی وادیوں میں بھٹکنے کی بجائے احساسات کی دروں بینی سے مملو دکھائی دیتے ہیں۔ ان کے یہاں اشعار میں ان کے عہد کی غیر مسطح کاری، قدروں کی پائمالی، معاشرے کی زبوں حالی اور تعمیری جذبوں سے عاری عصری حسیت دیکھی جاسکتی ہے۔ جس سے ان کے یہاں سماجی نابرابری اور معاشرتی خلفشار کا غم و اندوہ ان کے دل میں برابر کھٹکتا رہا ہے۔ تبھی جذبات کی بھٹی میں پگھل کر ایسی شعری صورت حال وقوع پذیر ہو جاتی ہے۔

ڈاکٹر گلزار احمد وانی

Printed by: Mir Pervaiz (Parvaaz Computers & Printers) Tral/Pul. 9469155007, 9697476570